UNIVERSAL
LIBRARY
OU_228811
UNIVERSAL
LIBRARY

من یوت الحکمت فقد اوتی خیرا کثیرا

# انتخاب الحکم

منتخبہ مولانا شیخ عبد الرؤف صاحب متوطن مئو آئمہ
بمقام الہ آباد

مطبع مفید الانام میں باہتمام محمد صدیق کے چھپا

۵۱۲ف

# فہرست انتخاب الحکم

سوال نوشیروان وجواب بزرجمہر و دیگر سوالات وجوابات ونکات فارسی اورکن چیزون سے کیا فایدہ اور کن چیز ونسے کیا نقصان ہوتا ہے صفحہ ۱ مناجات وحمد صفحہ ۶ وفواید عمدہ از مالا بد ہینسم ۸ صفحہ۔ اقوال حضرت ادریس ۹۔ اقوال حکیم فیثاغورس۔ ۹۔ اقوال وجواب ونصیحت حکیم سقراط بہ حکیم افلاطون ۹۔ اقوال حکیم افلاطون ونصیحت بہ حکیم ارسطو۔ ۱۰۔ اقوال حکیم ارسطو ونصیحت بہ سکندر ودائرۂ قبر ارسطو۔ ۱۲۔ و ۱۷۔ اقوال حکیم غورس ۱۲۔ اقوال حکیم الکاس۔ ۱۳۔ اقوال حکیم سکندر ۱۳۔ اقوال حکیم مسیح۔ ۱۳۔ اقوال حکیم دیوجانس۔ ۱۳۔ اقوال حکیم ادمبرس۔ ۱۴۔ اقوال حکیم شولون۔ ۱۴۔ اقوال حکیم زیبون۔ ۱۴۔ اقوال حکیم بطلیموس۔ ۱۴۔ اقوال حکیم مہادرجیس ۱۵۔ اقوال حکیم لقمان۔ ۱۵۔ اقوال حکیم جالینوس۔ ۱۶۔ اقوال حکیم ابونصر فارابی۔ ۱۶۔ اقوال حکیم یعقوب۔ ۱۶۔ اقوال حکیم عضدالدین۔ ۱۷۔ اقوال حکیم فخرالدین۔ ۱۷۔ اقوال حکیم ابوالحسن۔ ۱۷۔ انتخاب کلیلا ودمنہ۔ تصحیح ۲۳ اشعار نظیر۔ ۲۴ انتخاب منبہات ابن حجر عسقلانی اخبار وآثار واقوال حکما از ثلاثی تا عشاری عربی مع ترجمہ۔ ۲۵۔

| صفحہ | سطر | غلط | صحیح | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲ | ۴ | سوگناہ | گناہ | ۸ | ۱۷ | دسنام کے | دستنام |
| ۳ | ۲ | ار | آرد | ۸ | ۱۷ | سحر کردن | سحر گردن |
| ۴ | ۱۷ | محبت | محنت | ۹ | ۱ | آدریس | ادریس |
| ۶ | ۱۷ | فرازی | فراری | ۹ | ۱۱ | ہے | سے |
| ۷ | ۳ | زالیش | زاریش | ۹ | ۱۹ | لیسے | ایسے |
| ۸ | ۱ | حاجیان | حاجبان | ۱۲ | ۱۷ | جاہل آدمی | جاہل |
| ۸ | ۳ | رد | برد | ۱۵ | ۱۷ | ہوجائیگا | جائیگا |

بسم الله الرحمن الرحیم

نوشیروان از بزرجمهر پرسید- زندگانی چگونه باید کرد- گفت از پرهیزگاری و خوشنود
شدن از خدا تعالی هر لحظه و هر ساعت و نیکوئی کردن از خلق خدا پرسید- که
عمر بکدام شغل باید گذرانید- گفت به تحصیل علم پرسید- که علم چه اثر دهد- گفت اگر کم
عقل باشد عاقل گرداند و اگر حقیر باشد توانگر گرداند پرسید- راه راست چگونه
شناخته شود گفت از روشنائی علم پرسید- که دنیا کرا گویند- گفت هرچه در آخرت
بکار نه آید پرسید- راه سلوک چیست- گفت غالب بر نفس شدن پرسید- نیکی
به که باید کرد- گفت به رضای خلق پرسید حق بچه حاصل آید- گفت از عبادت
و بندگی پرسید- که مشاورت به که باید کرد- گفت با مرد دانا پرسید- مرد دانا کرا گویند
گفت آنکه اندک گوید بسیار شنود پرسید- سخن در کدام محل باید گفت- گفت وقتی
که کسے در سخن نباشد پرسید- نیکبخت چگونه شناخته شود گفت از سه علامت اول
از طلب علم دوم از سخا سوم از گشاده روئی پرسید که بدترین کارها چیست- گفت
سوال کردن پرسید- که نیکترین کارها چیست گفت در مجلس علما نشستن پرسید- علما کرا
گویند گفت که عارف را پرسید- که عارف کرا گویند- گفت که کم آزار را پرسید- که
کم آزار کرا گویند- گفت هر که خود را از دیگران کم داند گفت این مرتبه از چه حاصل

آید۔ گفت از صحبت علما و فقرا پرسید ہیبہ چہ حاصل آید۔ گفت بمعرفت خدا پرسید۔ معرفت چیست گفت
شکر حق تعالیٰ بجا آوردن پرسید کہ ناکس کرا گویند گفت بسیار گو را۔ گفت کہ ناکس کرا گویند گفت بسیار خوابر
را پرسید کہ نامراد کرا گویند۔ گفت کاہل و بیفکر را پرسید کہ روشنائی دل بچہ حاصل آید۔ گفت مشغولی
حساب دوام پرسید کہ در دنیا چگونہ باید بود گفت مثل رہگذری پرسید کہ رہگذری چگونہ
بمنزل رسد گفت از سبکباری پرسید مردم بچہ شناختہ شود گفت از معاملت پرسید
کدام سخن راست دروغ نماید گفت کسیکہ لاف جوانی روز پیری زند و لاف توانگری در فقیری
پرسید۔ کہ از یار چگونہ اتحاد بریدہ شود۔ گفت از قرض پرسید کہ شہوت از چہ زیادہ شود
گفت از پرشکمی پرسید۔ طعام چگونہ باید خورد۔ گفت اشتہا داشتہ پرسید کہ آب چگونہ
باید خورد گفت اندک پرسید۔ کہ صبر بچہ حاصل آید گفت کہ از لقمہ طیب پرسید۔ کہ چگونہ شناختہ
شود گفت بروشنائی علم پرسید۔ لقمہ طیب کرا گویند۔ گفت کہ با کسب خوردن۔ گفت
میان زن و مرد فرق چیست۔ گفت چنانکہ زمین نیارد تا آسمان نبارد پرسید۔ مسافر
کرا گویند۔ گفت آنکہ مثل آب روان باشد بر برگ دنیا پرسید۔ مقیم کرا گویند گفت طالب دنیا
را پرسید۔ کہ تعظیم مہمان چیست۔ گفت استقبال و سلام و کلام و طعام پرسید۔ دار روے
سو گناہ چیست۔ گفت توبہ کردن پرسید۔ فقیر راچہ باید و توانگر راچہ شاید۔ گفت صبر و
شکر و دلیری و شرم پرسید جابر کرا گویند گفت ہر وقتیکہ خشم آید باطل نگوید پرسید۔ کہ نادان راچہ
باید و دانا راچہ شاید گفت کہ در مجلس دہن باز نکند و بجز سوال جواب ندہد زندگانی کن بخدا تعالیٰ
بصدق۔ بنفس بقہر با خلق بانصاف چار چیز دلیل دانائی راست۔ علم را عزیز داشتن و
رفع شر بخیر کردن و خشم فرو خوردن و جواب با صواب دادن چار چیز دلیل نادانی است۔ با داناتر از
خود مقابلہ کردن و برنا آزمودہ اعتبار نمودن۔ و از مکر و فریب مردمان بیخوف ماندن و با

ابلهان صحبت داشتن چار چیز چار چیز ببرد ناسپاسی نعمت بیداد - قوت - کاهلی - شهوت - تکبر -
عزت چار چیز چار چیز از خاموشی سلامتی - نیکی ایمنی - سخاوت سروری - شکر - افزونی پرسید عمر بکدام
شغل باید گذرانید - گفت بتحصیل علم - پرسید - از آدمیان داناتر کیست - گفت آنکه از مخالفت
روزگار دل تنگ نشود - پرسید - توانگرتر کیست - گفت آنکه عقل او کامل باشد پرسید بلند
همت تر کیست گفت آنکه نعمت آخرت را بر نعمت دنیا برگزیند گفت چه شربت است
که چشنده خود را بکشد - گفت شهوت پرسید کدام آتش است که فروزنده خود را بسوزد گفت
حسد - پرسید - کدام بنا است که هرگز خراب نگردد - گفت عدل - پرسید - کدام تلخی باشد
که آخر شیرین نماید - گفت صبر و تحمل - پرسید - کدام شیرینی باشد که آخر تلخ شود - گفت
شتابی - پرسید کدام پیراهن باشد که هرگز کهنه نگردد - گفت - نام نیک - پرسید - کدام
بیماریست که طبیبان از علاج آن عاجز آیند - گفت - ابلهی - پرسید نیک ترین کارها چیست
گفت با علما صحبت داشتن و منتفع شدن پرسید - بادشاهی بچه قایم گردد - گفت بچهار چیز اول
بر عدل و داد لازم دوم بر جهانگیری عازم سوم در امور مملکت عازم چهارم بر امر
سبحان ملازم پرسید - چه چیز است که اندک نماید و بسیار بود - گفت دشمن و آتش و وام
پرسید دلیل کمال مرد چیست - گفت با دوست مشورت کردن و با دشمنان مدارا کردن
و آتش هوا فرو کشتن و سخن تلخ فرو خوردن - پرسید نعمت بچه زیاده گردد - گفت
بشکر - پرسید عاقبت کبر چه باشد گفت دشمنی - پرسید - عاقبت خشم چه باشد گفت پشیمانی -
پرسید - عاقبت کاهلی چیست گفت خواری - پرسید کدام چیز بمراد رساند گفت - صبر -
پرسید - از خدا چه خواهم - گفت تندرستی و ایمنی - پرسید از جوانان چه بهتر گفت شرم
و دلیری - پرسید - از پیران چه بهتر - گفت دانش و آهستگی - پرسید - سخی کیست

گفت آنکه ببخشد و شاد شود - پرسید چه چیز است که همه مردم همی خواهند و کسی تمام نمی یابد
گفت - تندرستی و راستی و دوست خالص - پرسید بهتر از زندگانی و بدتر از مرگ چیست
گفت بهتر از زندگانی نیک نامی و بدتر از مرگ بیم - پرسید - اصل تواضع چیست
گفت با همه روی تازه داشتن - پرسید نیکبخت ترکیست - گفت - هر که خود را بسخا
آراید - پرسید - بر چه اعتبار نباید کرد - گفت - بر تندرستی - پرسید - کدام بلندی است
که از همه پستی ها پست است - گفت - کبر و غرور - پرسید - عزت بچه افزاید - گفت - بکم
گفتن روندهٔ بی معرفت مرغ بی پر و عالم بی عمل درخت بی بر و زاهد بی علم خانهٔ بی در و
عامی متعبد پیاده رفته است و عالم متهون سوار خفته عاصی که دست بر دارد به از عابد که در سر دارد
و مرد بی مروت زن است و عابد با طمع راهزن - زر از معدن بکان کندن بر آید
و از دست بخیل بجان کندن - سه چیز بغیر سه چیز پایدار نماند ریاست بی سیاست علم بی
بحث مال بی تجارت - بلند همت بمخالفت روزگار ملول نشود - سنجیده کم گوید بسیار شنود -
زندگی میتوان کرد بر قضای دلها - هر که آن کند که نباید ان بیند که نشاید - نشان حمق
بپنج است منفعت خاص در مضرت عام خواستن - خوشنودی آقا بدون اطاعت چشم
داشتن - به درشتی و تندخوئی امیدوار منفعت بودن - بی استحقاق امید نفع کردن - با حق
بصدق و با خلق بانصاف و با بزرگان بخدمت و با درویشان بشفقت و با مسکینان بسخاوت
و با دوستان به نصیحت و با دشمنان بحلم و با جاهلان بخموشی و با علما بتواضع و با نفس بمجاهده
و با خوردان به محبت - میتوان بسر برد مالدار بخیل ابر بی باران حسین بی شرم گل بی بو
پیر بی خرد چشمه بی آب جوان بی ادب بوستان بی گل عالم بی عمل اسب بی لگام توانگر
بخیل درخت بی ثمر حسین بی حیا طعام بی نمک پادشاه ظالم ابتر از یار بدترین

جراحت آن بود که کریمے حاجتے خواهد و روا نگردد۔ سخت ترین مذلت آنکه بزرگی بر در سفله برد
و بار نیاید۔ بے تجربه بر کسے اعتماد نداری تا در دیانت و مروت و اهلیت کسے را بارها نه آزمائے
او را بر سر واقف مگردان۔ چهار کس بهترین اند عالم عامل حکیم گویا واعظ بے طمع توانگر کریم۔ نظام
الملک گوید چهار چیز همراه رساند پیوستن بزرگان مشورت نیکان اجتناب دونان امداد
دوستان۔ چهار چیز بے چهار چیز فایده نه بخشد اولاد بے تربیت زندگی بے محنت علم بے عمل دوستی
بے تجربه ✻ در کار حق باش تا کار تو ساخته گردد۔ جز حق دوست مگیر۔ تا خسته نگردی
دل بکس مبند تا زیان نکنی۔ کس را عیب مکن تا بعیب خود مبتلا نشوی۔ غیبت را دوست
مدار تا حق از تو دشمن نگردد۔ در تنگیها صبر کن تا فرج یابی۔ طمع از دل دور کن تا خوار نگردی
نیکی اندیشه کن تا همه نیکی پیدا آید۔ از همه ناامید شو تا امید تو بر آید۔ کار باخلاص کن تا
جزا یابے۔ غم دنیا مخور تا دل تو تباه نشود۔ راستی پیش گیر تا رستگار شوی۔ گناه بر کس منه تا در گناه
نیفتی۔ آزار کس مخواه تا امان یابے۔ کس را بحقارت منگر تا خوار نه شوی۔ از جهت
دنیا اندوهگین مباش۔ تا پریشان نگردی۔ قدر نعمت بشناس تا از تو نستانند۔ غم فردا مخور
تا امل کوتاه شود۔ مرگ را یاد کن تا دل بدنیا نگراید۔ در امانت خیانت مکن۔ بیهوده گوئی
را سر همه آفتها دان۔ تمام را بخود راه مده۔ اگر در بند چیز کسانی۔ خود را بندهٔ ایشان دان
در حق خود خطا مکن۔ حاجت روائی را کار بزرگ دان۔ عقوبت باندازهٔ گناه کن۔ خلق را
امیدوار گردان۔ در هر جا که باشی خدا را حاضر دان و گستاخ مباش۔ ضعیف ترین خلقی را قوی
ترین قوتی دان۔ پند بشنو تا سود کنی۔ عهد را در حال سخت در خاطر نگهدار۔ چون باهل
دنیا بنشینی دین را فراموش مکن۔ ترک گناه گیر۔ اگر لقمه حلال خواهی توقع از کس
مکن تا عزت یابی۔ فروتنی کن۔ تا به بزرگی رسی۔ بار خود بر کس منه اگر عزت خواهی شکر نعمت

حق بجا آر اگر نعمت دین و دنیا خواهی خدمت بزرگان کن تا به بزرگی رسی - صبر پیش گیر اگر عافیت خواهی کردار خود را قدر بنه - تا با قدر گردی - بر حرف کس انگشت منه تا مواخذ نگردی - توفیق از حق بین تا عزیز شوی خود خواه مباش اگر دوست خواهی - در بند چیزی مباش تا آزاد شوی - خود را ببین - تا بمعرفت رسی - خوش خو باش تا عزیز گردی - سودای پیش گیر که در آن سود کنی - خشم فرو خور - تا راحت یابی - کارے کن که پشیمان نگردی - و عیب خود فروشو اگر با کاری کار دیگران کن اگر بکاری - در معامله سخت مپیچ - تا خسته نگردی - با هم آسانی کن - تا برهی - در گذار تا در گذارند - جز حق میندیش اگر طالبی - خلاف ترک کن - تا بسلامت مانی با هر کس منشین تا تباه نگردی - ترک لذت گیر اگر لذت خواهی با قافله رو که رهزن بسیار آند و دشمنان در کار کار بر اندیشه کن تا زیان نکنی - سر بر خط فرمان نه اگر بندهٔ - دوستی آن به کر برای خدا بود - رهبر طلب اگر رهروی - جان در باز اگر صادقی - در دریا فرو شو - تا گوهر یابی - تیر بلا را هدف شو اگر دوستی -

اے برتر ز عالمے درت باز — انجام مرا رسا با آغاز
گر رد نکنم چه حیله کوشم — نا چیزے خود کجا فروشم
سرچشمه هستی از تو جاری است — امر تو بکائنات ساری است
این جمله ز کلک تست بارز — نقاش قدیر و نقش عاجز
خاص انکه امید بسته باشد — عمرے بطمع نشسته باشد
دانی همه آن گدا ے آزی — کردی علم باین فرازی
غیر از در تو درے ندارم — دریاب که دیگرے ندارم
مهمان طفیلے کریمم — پرورده نعمت قدیمم

دائم بودت زیادہ افضال
اے بار خدائے بندہ پرور
تیروی فیضان وزاریش نیست
تسکین ضعیف نالیش کن
دریاب حزین بلبنوا را
کامل ہے جو ازل سے وہ ہے کمال تیرا
ہے عارفونکو حیرت اور آدمی کو سکتہ
دل ہو کہ جان تجہہ سے کیونکر عزیز رکہیے
ہے پورزال سے دل اوسکا قوی زیادہ
گر از حق نہ توفیق خیرے رسد
زبان راچہ بینی کہ اقرار داد
در معرفت دیدۂ آدمیست
کیست ہم بودے نشیب و فراز
سر آوردہ دست از عدم در وجود
وگرنہ کے از دست جود آمدے
بحکمت زبان داد و گوش آفرید
اگر نہ زبان قصہ بر داشتے
وگر نیستی سعی جاسوس گوش
عرالفاظ شیرین خوانندہ داد

باپیر گدائے مضطرب حال
استادہ گدائے پیر بر در
یارائے سخن گذاریش نیست
رحمے بشکستہ حالیش کن
محروم مکن کمین گدا را
باقی ہے جو ابد تک وہ ہے جلال تیرا
ہر دل جھا رہا ہے رعب جمال تیرا
دل ہے تو چیز تیری جان ہے سو مال تیرا
رکھتی ہے آسرا یان جو پیر زال تیرا
کے از بندہ خیرے بہ غیرے رسد
بہ بین تا زبان را کہ گفتار داد
کہ بگشادہ بر آسمان و زمیست
گراین در نکردے بروئے تو باز
درین جود بنہاد در روئے سجود
محالست کز سر سجود آمدے
کہ باشند صندوق دل را کلید
کس از سر دل کے خبر داشتے
خبر کے رسیدے بسلطان ہوش
تراشکر گشتم دراک دانندہ داد

مدام این دو چون حاجیان برد زند | زسلطان به سلطان خبرها برند
چه اندیشی از خود که فعلم نکوست | از آن در نگه کن که توفیق اوست
برو بوستان بان به ایوان شاه | به تحفه ثمر هم ز ایوان شاه

رسول خدا با یکی از صحابه وصیت فرمود که شرک بخدا مکن اگرچه کشته شوی و سوخته شوی و نافرمانی والدین مکن اگرچه امر کنند که از زن و فرزند و مال خود بدر شو و نماز فرض را عمداً ترک مکن هر که نماز فرض را عمداً ترک کند ذمه خدا از وے بری ست پارچه پوشیدن بقدر ستر عورت و دفع سرما و گرمای مهلک فرض است و زیاده از آن برای سنت ماثوره و اظهار نعمت خدا و ادای شکر مستحب است و مسنون آنست که لباس انگشت نمانه پوشد - در حدیث آمده که طلب حلال فرض است بعد فرائض و بهترین کسب عمل دست خود است - رسول الله فرموده حرمت مال و آبروے مسلمانان مثل حرمت خون اوست و کعبه را فرموده که حق تعالی ترا چه قدر حرمت داده لیکن حرمت مسلمانان و حرمت خون او و مال او و آبروے او از تو زیاده است - قضیه و مناقشه که درمیان افتد واجب است که از آن شرع رجوع کند و آنچه شرع در آن حکم کند اگرچه خلاف طبع خود باشد واجب آنست که آنرا به طیب خاطر قبول کند مکروه داشتن آن کفر است و مستلزم انکار شرع آنچه در احادیث کبایر وارد شده بشماریم شرک نافرمانی والدین قتل نفس قسم دروغ شهادت دروغ دشنام محصنه خوردن ربوا گریختن از جنگ کفار قتل فرزند چنانکه کفار دختر را قتل میکردند خوردن مال یتیم زنا خصوصاً با زن همسایه سرقه قطع طریق که محاربه با خدا و رسول است سحر کردن - در خبر است که بزرگتر کبایر آنست که کسی پدر و مادر خود را دشنام دهد گفتند چگونه کسی دشنام دهد پدر و مادر خود را فرمود والدین دیگری را دشنام دهد او والدین این را دشنام دهد - در حدیث علامات منافق اینست دروغگوئی - خلاف وعدگی - خیانت در امانت غدر بعد عهد دشنام در منازعت -

حضرت آدریس فرماتے ہین کہ تین نیکیان سب نیکیونسے بہتر ہین۔ غصہ کے وقت بردباری۔ تنگدستی مین بخشش قدرت کیوقت درگذر۔ عاقل وہ ہے کہ تین شخصون کو نظر حقارت سے نہ دیکھے۔ بادشاہکو۔ عالمکو۔ دوستکو۔ کیونکہ جسنے بادشاہ سے گستاخی کی زندگانی کا مزا کھویا جسنے اہل علم کو خوار سمجھا۔ دین کا نقصان کیا۔ جسنے دوست کی حقارت کی مروت کے درخت کی جڑ اوکھاڑ ڈالی فرمایا کہ عاقل وہ ہے کہ طالب حکمت ہے اور جس مصیبت مین سب شامل ہون اوسمین بیقرار نہو کثرت مال کے سبب سے اپنے حال مین فرق نہ آنے دے۔ جسمین عقل کامل کے ساتھہ علم جمع نہو تعریف اوسکی نکرے نادان اگرچہ بڑا ہو اوسکو بنظر بصیرت چھوٹا اور دانا اگرچہ چھوٹا ہو اوسکو بڑا سمجھے۔ جو شخص ایسی جگہہ جاکر رہے جہان بادشاہ قاہر۔ قاضی عادل۔ نہر جاری نہو وہ اپنی نفس کی ہلاکت مین کوشش کرتا ہے۔ فرماتے ہین کہ جو شخص اتنا جانے کہ زمانہ سے اوسکو چاہئے کہ اپنا وقت ضایع نکرے۔ حکیم فیثاغورس فرماتے ہین جو کام کرنیکے لایق نہین کوشش کرکے اونکا خیال ہی دلپر نہ گذرنے دے۔ اور فرمایا کہ حق تعالی کے نزدیک حکما کے فعل معتبر ہین قول معتبر نہین۔ سقراط نے افلاطون کے تینون سوال کا جواب اسطرح دیا کہ تین شخصونپر رحم واجب ہے ایک اوس بھلے مانس پر جس سے حاکم بدگمان ہوا اور وہ ہمیشہ اوسکی باتین سنکر اور حرکات دیکھکر رنج کرے دوسرے اوس عاقل پر کہ جاہل کے پنجہ مین پھنس جاوے اور رنج اوٹھاوے۔ تیسرے اوس کریم پر جو محتاج لئیم کا ہوا اور کامونمین خرابی بھی تین چیزونسے آتی ہے ایک یہہ کہ کام ایسے

سے کے سپرد کیا جاوے جسکی راے صایب نہوا ور سلاح جنگ مخنث کو دیے جادین کہ جو اونسے کام لینا نجانے - اور روپیہ پیسہ اوسکے پاس ہو جس سے زیادہ نہ پہونچے - اور نعمت حق کی تلافی کیواسطے یہی تین چیزین ہین شکر بہت کرے - عبادت کو لازم سمجھے - گناہ سے باز آوے - اور کہا خلاصہ تمام حکمت کا خوشخوئی ہے - اور خوشخوئی سے امن اور سلامتی حاصل ہوتی ہے اور خوشخوئی ہی الفت کا سبب ہے اور اگر خوشخوئی کے ساتھہ خوبصورتی جمع ہو جاتی ہے تو آدمی کامل ہو جاتا ہے اور اگر بدصورتی کے ساتھہ خوشخوئی جمع ہو جاتی ہے تو عیب چھپ جاتا ہے اور کہا جس سے دوستی کا ارادہ ہوا وسکو دیکھہ تیری خاطر اپنی خواہش سے وہ باز رہ سکتا ہے یا نہین اگر باز رہے تو دوستی کے لایق ہے ورنہ اوس سے الگ رہنا بہتر ہے - ایک شاگرد نے کہا ہمنے اپکو کبھی غمناک نہ دیکھا کہا مین ایسی چیز سے دل نہین لگاتا کہ اگر وہ جاتی رہے تو مجھے غم ہو فرمایا کہ شراب اور کھیل و تماشا جس جگہہ ہوتا ہے حکمت و عفت اوسجگہہ سے اوٹھہ جاتی ہے - دوستونکو ہر وقت رخصت یہہ وصیتین کین طبیعت کو خوے قناعت سکہاؤ - شکر نعمت کا ہر حال مین خیال رکھو دوست مخلص کے ساتھہ ایسا سلوک کرو جیسا اپنے بچونکے ساتھہ - معاملہ خلق خدا کا ازروے حق و حساب کے انجام کو پہونچاؤ تاکہ دوست زیادہ ہون اور دشمنونکے شر سے بچو دوستونسے اتنا اخلاص پیدا کرو کہ تھوڑے سے تغیر سے زوال نہ آوے افلاطون کہتا ہے کہ تمام چیزین جنپر آدمی فخر کرتا ہے صحت بدن سے حاصل ہوتی ہین - اوس چیز کے حاصل کرنے مین سعی کرو جسمین تمہارا بھلا ہو - یاد رکھو ہر چیز کی اصل پرہیزگاری ہے ظلم و فسق سے بچو کہ ہلاک ہو جاؤ گے - جو شخص موجود پر قناعت نکرے کے

زیادتی کی طلب مین رہیگا ہمیشہ رنج و مصیبت اوٹھائیگا۔ حق ظاہر ہے۔ راہ راست ظاہر ہے۔ مالدار وہ ہے کہ تدبیر و عقل سے مال جمع و خرچ کرے نہ یہہ کہ جمع کرے اور خرچ کرنا نہ جانے۔ بادشاہ وہ نہین ہے جو بندونکا مالک ہو بادشاہ وہ ہے کہ آزادونکا مالک ہو۔ کسینے کہا کہ آپنے اتنا علم کیونکر حاصل کیا کہا مین نے چراغ مین اتنا تیل ڈالا کہ لوگونے پیا ہے مین نہ ڈالا ہوگا کسینے کہا ایسا ہی کوئی ہوگا جسکے قول و فعل بے عیب ہون کہا جو اپنی عقل کو اپنے اوپر حاکم کریگا اوسکے قول و فعل بے عیب ہونگے۔ جو کوئی کسی امر مین جو تجھہ مین نہو تیری تعریف کرے تو اوسکو ولین جانئے نہ دے۔ زبردست پر خفا ہونا عقل کے نزدیک پسندیدہ نہین۔ یہہ وصیتین ارسطو کو کی ہین کہا کہ خدا کو پہچان اوسکے حق کی حفاظت کر جس علم کے حاصل کرنے مین نفع ہو اوسکی طرف متوجہ رہ خدائیتعالی سے ایسی چیز کہ جسکا نفع ناپایدار ہو نہ مانگ بلکہ ایسی چیز مانگ جسکا نفع ہمیشہ تیرے ساتھہ ہے۔ جس کام کو کرنا نچاہے حق تعالے سے اوسکو نہ مانگ۔ جبتک نفس کا حساب نکرے رات کو نہ سو۔ لغو اور بن پوچھے بات کہنے سے سفلگی اور کم عقلی ظاہر ہوتی ہے۔ بہت سوچکر بات مونہہ سے نکالا کر جلدی سے غصہ ہوا کر ایسا نہو کہ غصہ کی عادت ہو جائے کام والے کا کام آج ہی کردے کیا خبر کل کیا پیش آوے باتین بنا کر حکیم نہ بن کہ صرف بات سے کام نہین نکلتا بلکہ عمل کرکے حکیم بن کہ عمل سے کام چلتا ہے۔ اگر بھلائی حاصل کرنے مین رنج اوٹھائیگا رنج نہین رہنے کا بھلائی رہجاویگی اور اگر برے کام مین آرام پاویگا آرام نہین رہیگا برائی رہجاویگی تو وہان جانیوالا ہے جہان دوست ہوگا نہ دشمن خواجہ و بندہ یکسان ہوگا سامان سفر طیار رکھہ کوچ کا وقت معلوم نہین۔ انعام

الہی مین حکمت سے بہتر نعمت نہین بدی کو وسیلہ کسب نیکی کا نکر وقت سے پہلے
کام شروع نکرنا - حکمت کو دوست رکہنا اور حکما کا کہنا ماننا - سلطان وقت
کا مطیع رہنا - بے سمجہے کام نکرنا - بے فایدہ بات نہ کہہ - خلق سے تواضع کے
ساتہہ سلوک کر - جس امر مین خود معذور ہے دوسریکو اوسمین ملامت کرنا کیا
ضرور ہے - بیفایدہ عمر برباد ہونے سے خوش نہ رہ - بخت و دولت پر بہروسا
نکر - نیکی کرکے پشیمان اور گذری ہوئی بات کا بیان کرکے رنج نکر - عدل کا
خوگر ہو - عاقل کو چاہیے خطاے نفس اگرچہ کم ہو اوسکو بہت بڑی سمجہے اور ثواب
نفس کتنا ہی زیادہ ہو اوسکو کم سمجہے - غصہ کلام مین ایسا چاہیے جتنا نمک طعام
مین اگر نمک اندازہ کا ہے مصلح طعام ہے ورنہ فاسد طعام ہے - اہل علم کے علم
کا امتحان نکر بلکہ اونکے شر و فساد کا خیال رکہہ فرمایا دوستونسے رنج کرنا اور اونکا
راز افشا کرنا ضعف نفس کے آثار ہین - فرمایا جس شخص کی راے علم و معرفت
مین تیری راے کے برابر ہو تیری حق مین اوسکی راے صایب ہوگی تیرے
حق مین تیری نفسانی خواہش حایل ہوگی اور اوسکی نفسانی خواہش اپنے
لیے ہوگی نہ تیرے لیے - ارسطو کہتا ہے ---- بدتر آدمیونمین سے
وہ شخص ہے کہ شراب زیادہ پیے جو شخص تجہسے اعراض کرے اوسکی طرف رغبت
کرنا ذلت نفس کا موجب ہے - اور ایسے شخص سے اعراض کرنا کہ اپنی محبت
کی طرف مایل ہے قصور ہمت ہے - جاہل آدمی کو عالم پہچانتا ہے لیکن جاہل عالم کو
نہین پہچانتا ہے کیونکہ کبہی عالم نہین ہوا فرمایا کہ حکیم مال اسواسطے
جمع کرتے ہین کہ کسی لئیم کے محتاج نہون حکیم غورس کو ایک روز ایک شخص نے

گالی دی پکھہ نہ بولا- ایک دوست نے کہا جواب کیون نہین دیتا کہا کبوتر کوے
کی بولی نہین بول سکتا- فرمایا کہ جس بادشاہ مین انصاف نہو اور جس امیر کی
تدبیر اچھی نہو اور جس بلیغ کا قول سچا نہو اور جو دینے والا جابجا ندیکھے اور
جس عالم کی رائے صائب نہو محتاج ہے غنی نہین- حکیم الکاس نے فرمایا جو شخص
علم پڑہے اور عمل نکرے اوسکی مثال اوس بیمار کی سی ہے کہ دوا پاس رکہتا ہے
اور علاج نہین کرتا- سکندر رومی نے کہا اگر کسیکی عقل وحکمت کا امتحان کرنا
ہو تو بالتو نمین کسی امر محال کا جو سراسر عقل کے خلاف ہو ذکر کر اگر اوس نے قبول
کیا تو احمق ہے قابل صحبت نہین اور اگر نکیا تو اوسکی صحبت غنیمت سمجھہ مسیح
یونانی سے کسی نے سوال کیا کہ دوستونکی دوستی کا کیا حال ہے کہا ایک
روح ہے چند قالب مین جلوہ گر ہے اور ہر قالب مین اوسکا نیا رنگ معلوم ہوتا ہے
حکیم دیوجانس کلبی سے کسی نے کہا حکیم صاحب گہر بنا کر کیون نہین رہتے فرمایا
اگر تم ہمارا مکان دیکہو اور اوسکی بلندی پر نظر کرو تو تمکو معلوم ہو کہ تمہارے
گہر اوسکے آگے کیا حقیقت رکہتے ہین یعنے دنیا میرا مکان اور روے زمین مری
انگنائی اور آسمان میرے مکان کی چہت ہے- ہر شخص اوسکا دوست اور وہ
ہر شخص کا دوست تہا- ایک روز سکندر اونکا متوجہ ہوا کہا دیوجانس اتنی
بے پروائی- کہا سبب یہہ ہے کہ آپسے غرض نہین رکہتا کہا یہہ بات کیونکر حاصل
ہوئی کہا مجہے اپنے ہتوڑے پر اتنا بہروسا ہے کہ تجہکو اپنے سبب پر نہین
- ایک روز ایک امیر نے کہا کہ دیوجانس دنیا مین تیرا کوئی نہین
جب مریگا تجہے کون دفن کریگا کہا جو میری لاش کے سڑجانے سے تکلیف

اوٹھا ئیگا گاڑ آئیگا ایک شخص نے کہا تجہے کلبی کیون کہتے ہین کہا کتا دوست
کو دیکھتا ہے تو اوسکے پابوس کو پاؤن پر سر رکہتا ہے اور جب دشمن کو دیکھتا
ہے رنج کرتا ہے اور اوسکو ستاتا ہے اور مجہمین یہ صفتین ہین۔ ایک شخص نے
اوسکو گالی دی کچھہ جواب ندیا سبب پوچھا کہا اسکو اتنی ہی بدی کافی ہے گالی
اوس شخص کو دے رہا ہے جسکو گالی نہ دینی چاہیئے حکیم ادمبرس نے ایک
دوست کو نصیحت کی کہ دنیا کو کارخانہ تجارت سمجھکر کوشش کر کہ نقصان نہو۔ بیے
وقت ہنسنا رونے سے بدتر ہے حکیم وہ ہے کہ رات کو اون کامونمین فکر کرے
جو دنمین کرنا چاہیئے۔ ہوشیار وہ ہے کہ بدگمان ہو۔ حکیم سولون نے کہا کہ اپنے
بزرگون کی تعظیم کر دتا کہ جنکے تم بزرگ ہو وہ تمہاری تعظیم کرین۔ کہا جب
تنگدستی ستائے روزگار کے باب مین ایسے شخص سے مشورت کرے کہ تنگدست
نہو۔ حکیم زیبون نے کہا کہ دنیا مین سب کامونسے زیادہ مشکل اپنے نفس کا
پہچاننا ہے اور بھید کا چھپانا۔ اور کہا سب چیزونسے زیادہ تر فایدہ مند قناعت ہے
اور بہتر عام صفات مین خدا کی رضا پر راضی ہوتا ہے۔ حکیم بطلموس نے کہا
کہ جب مرد عاقل کے دلمین غیر حق کا وسوسہ گذرے چاہیئے کہ شرمندہ ہو جاوے
۔ جو شخص عمر دراز کا خواہان ہو اوسکو چاہیئے کہ ایسا دل پیدا کرے کہ مصیبتونمین
صبر کرسکے جسکو اور ونکے واقعات دیکھکر عبرت نہوئی اوسکے واقعہ سے اورونکو
عبرت ہوگی۔ بندہ و غلام شہوت زر خرید سے زیادہ خوار و ذلیل ہے۔ بدن کا
قید خانہ بیماری ہے اور روح کا قید خانہ رنج و غم۔ فرمایا جسکو عقل ہوگی جانتا
ہوگا کہ ظل و سایہ ابر غمام اور دوستی عوام اور صحبت اہل ریا کا اعتبار نہین ۔

حکیم مہادرجلیس نے کہا کہ بہتر احسان وہ ہے جو طلب سے پیشتر ہو ۔ عقلمند
وفادار آدمی سے انس کرتا ہے ۔ سعادتمند وہ شخص ہے کہ صبر و شکر
کے ساتھہ حرص و ہوا کی جڑ دل سے اوکھاڑ دے جو شخص خلق سے بدگمان
ہوگا اوسکی عمر رنج مین گذریگی حکیم لقمان نے فرمایا کہ مخلوق سے نڈر ہے خلق کی
آسایش مین کوشش کرے اپنی جان کو محنت مشقت مین ڈالے منافق اگر زبان سے
کچہہ کہتا ہے رسوا ہوتا ہے اگر چپ رہتا ہے فضیحت ہوتا ہے اگر اوس سے سوال
کریگا بخل کریگا اور اگر وہ دیگا احسان رکہیگا اور اگر تو اوسکو دیگا شکر
گذار ہوگا امانت مین خیانت کریگا اگر تو اوس سے راز دل کہیگا فاش
کریگا اور وہ اپنا راز کہیگا تو تجہپر تہمت رکہیگا تو اوسکی صحبت سے رنج اوٹہائیگا
اور اگر اوس سے الگ ہوگا الگ نہ رہنے دیگا تیری نصیحت و حکمت اوسکو نفع نہ
بخشیگی اگر بڑا ہوگا چہوٹونکو ستائیگا اور اگر چہوٹا ہوگا بڑونکی جان گنوائیگا
جس راہ چلائیگا نہ چلیگا محبت پر صبر نکریگا معیشت مین افراط تفریط کریگا اپنی
عقل پر اگرچہ خلاف عقل ہو گی مغرور ہوگا برے کو بہلا اور بہلے کو برا
سمجہیگا ۔ زیردستونکو آزار دیگا اور اوس سے بجز شر کچہہ ظہور مین نہ آئیگا
اور اونکو دینے کے واسطے کہیگا آپ اس عادت سے محروم رہیگا قول
فعل کے مطابق نہین ظاہر باطن کے موافق نہین ۔ اگر تونگر ہے تجہے متکبر و
مغرور ہو جانیگا اور اگر فقیر ہے تجہے حقیر جانیگا اگر تو دیگا اوسکے نزدیک مسرف
و ذلیل ہے اور اگر نہ دیگا بخیل ہے جس سے دوستی کا ارادہ ہے اوسکو
غصہ دلا کر آزماتا اگر انصاف ہاتہہ سے ندیا اور حق سے نگذرا دوستی کے

قابل ہے ورنہ اوس سے دوری بہتر ہے۔ تو اوسکو انعام دے کہ تیرا شکر کرے کیونکہ جس نعمت مین کفران ہے اوسکو بقا نہین اور جس نعمت مین شکر ہے اوسکو زوال و فنا نہین۔ سب سے زیادہ بدخصلتین یہہ ہین یارونسے دغا کرنی۔ لوگونکا راز فاش کرنا۔ لئیم سے احسان کی امید رکھنی۔ ہرکسی پر اعتماد کرنا۔ خلق کے عیب جوئی کرنی۔ جن بالونکے کہنے سے کچھہ فائدہ نہین کہنی۔

ضعف عقل کے یہہ معنی ہین کہ کسی امر کے سرانجام سے پہلے اوسکو ظاہر کردین۔ جالینوس کا قول ہے جسکو عقل نہین اوسکو علم سے فایدہ نہین۔ حلم کی عادت ڈال تاکہ مراد کو پہونچے اپنی تعریف اپنے کر خوار ہوگا۔ مرگ علاج سے باز نہین آتی آدمی کو لایق ہے کہ ہرچند نفس کسب کمال پر قادر ہو بقدر طاقت کوشش کئے جائے۔ زیادہ تر عاقل وہ ہے کہ اورونکو اپنے اوپر ہنسین کرے کہ جب اوس سے خطا سرزد ہو آگاہ کردین تاکہ آیندہ وہ حرکت سرزد نہو۔ حکیم ابو نصر فارابی نے کہا ہے کہ جس شخص کا ارادہ تحصیل علم و حکمت کا ہو اوسکو چاہئے کہ طریقہ ادب و پرہیزگاری اختیار کرے یعقوب بن اسحق مہندس کہتا ہے کہ جو شخص اپنے بہتر سے بہتر عضو کو فاسد کرے وہ قابل ہجو ہے اور بہتر عضو دماغ ہے کہ حس و حرکت بدن مین اوسیکے صدقہ سے ہے جب کوئی نشہ یا اور چیزونکی عادت ڈالتا ہے اوسکا دماغ بیمار ہو جاتا ہے یعنی جو قوتین کہ افعال ارادی و نفسانی کی مددگار ہین نشہ سے جاتی رہتی ہین۔ جو شخص اپنے نفس کا مالک ہو اوسکے

بہار ہی ملک کا مالک ہوا اور فرمایا کہ وہ دن نفس کے لیے عید کا دن ہے
جسدن حکمت کی کتاب نظر سے گذرے۔ ابو حامد بن اسحاق اسفرائنی کہتے
ہین کہ جسطرح بہت خوشحالی وخوشی ظاہر کرنی بیعقلی ہے اسیطرح بہت
خاموشی تکبر کی علامت ہے۔ عضد الدین ملک کہتے ہین کہ جو شخص
ناقص (یعنی کمینے) کام پر راضی ہوا ہر کمال کے حاصل کرنیسے محروم رہا۔
امام فخر الدین محمد بن حسین الرازی کہتے ہین کہ جس مرتبہ پر پہونچا
اوس سے بلند تر مرتبہ طلب کر اگر اوسپر قناعت کی تو جو چیز نامناسب ہے طمع
اوسیکیطرف لیجائیگی فرمایا صاحب ارادہ رہ کہ مردونکا ارادہ کام کرتا ہے فرمایا
خدا کے دوست محنت وبلا کے وقت اضطراب نہین کرتے کیونکہ بلا ومحنت
ایک پُل ہے جسپر سے خدا کے مردونکا گذر ہوتا ہے اور جو اس راہ سے گذرتا
ہے اونکے اثر ونشان پر نظر کرتا ہے اور پہچانتا ہے کہ جبتک زمین دل پر
محنت کا مینہ نہین برستا نجات کا سبزہ نہین اوگتا۔ ابو الحسن بن
ہارون کا قول ہے تجھکو چاہیے کہ سخی اور شجاع سے مشورہ کرے
نہ لالچی اور حاسد سے کہ جاہل کا کام انجام کار خرابی لاتا ہے۔ اور ڈرپوک سے
بچنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بخیل کام انجام کو نہین پہونچاتا۔ حسود خوبی کی کام
کو دیکھکر جل دیتا ہے۔ لالچی اسباب کے حاصل کرنیسے بیشتر کام انجام ہونا چاہا
کرتا ہے۔ ارسطو کا قول ہے کہ حسن اختیار سے آدمی ضرب المثل ہو جاتا ہے
اور اوسکی ساکھہ ہو جاتی ہے حسن اخلاق سے زندگی عیش سے بسر ہوتی ہے
کسی کام مین مشقت برداشت کرنا حصول مطالب کی سہولت کا باعث ہے


نرم کلام سے دلوںمین محبت بڑہتی اور قیام پکڑتی ہے اور لوگون کے
دل خدمت گذاری پر آمادہ ہوجاتے ہین عفت سے اعمال پاک ہوتے
ہین سخاوت سے سیادت حاصل ہوتی ہے عدل سے دشمن بہی مطیع وسرنگون
ہوتا ہے انعام کا انکار موجب بدنصیبی ہے بخیل ذلیل ہوتا ہے اگرچہ وہ لونگر
کیون نہ ہو۔ سخی معزز ہوتا ہے اگرچہ وہ مفلس ہی کیون نہو طمع حقیقت مین
موجب محتاجی ہے جواب مین جلدی کرنا موجب خفت ہے ہر ایک امر
مین فکر وغور کرنا آدمیکو اعلےٰ درجہ کا صاحب النظر بنا دیتا ہے خاموشی سے ہیبت
ووقار پیدا ہوتا ہے تواضع سے محبت مین زیادتی ہوتی ہے
سچائی سے فضل کی تکمیل ہوتی ہے۔ ریاضت سے ذہانت مین تیزی
پیدا ہوتی ہے۔ تقویٰ صاحب علم کا شعار ہے۔ ریاکاری جاہل کا
لباس ہے صبر مضبوط ارادہ کی تائید کرتا ہے دہوکہ باز خود اپنے نقصان
کی اعانت کرتا ہے۔ تجربہ کار کا درجہ طبیب سے زیادہ ہوتا ہے۔ تجربہ
کی انتہا نہین ہے اور عقلمند زیادہ تجربہ کی کوشش کرتا ہے۔ عادت
ہر ایک شئے پر حکومت کرتی ہے۔ ہر ایک چیز زایل اور منتقل ہوسکتی
ہے مگر طبیعت اوس سے مستثنےٰ ہے۔ ہر چیز مین حیلہ چل سکتا ہے مگر قضا مین
علم بلاغت کا یہی فایدہ کیا کم ہے کہ مضمون صفائی اور اختصار سے ادا کیا
جائے تدبیر اور تحمل سے کام کرنیوالا کبہی نادم نہین ہوتا فکر سے کام کرنیوالا بلائی
مین رہتا ہے جلدی کرنیوالا ہلاکت مین مبتلا ہوتا ہے سایل عالم ہوجاتا ہے
دوستون کے مصائب پر اظہار رنج صبر سے عمدہ ہے۔ اور اپنی

مصیبت پر صبر جزع و فزع سے بہتر ہے دولت و لغمت کے تغیر کے لئے ظلم سے
زیادہ محرک کوئی چیز نہین جسمین ادب کی عادت ہو اُسکو بادشاہ کی ملازمت
و مصاحبت کی خواہش کرنا فضول بلکہ موجب ہلاکت ہے عوام الناس کی
رفاہ اور آرام و آسایش کیواسطے اس سے بہتر کوئی امر نہین ہے کہ
حکام کریم النفس و صلاح جو ہون اور اونکے لیے اس سے زیادہ کوئی امر ضرر
رسان اور پریشان کرنیوالا نہین ہے کہ حکام مفسد ہون اسلیئے کہ حاکم کا تعلق
رعیت کے ساتھہ ایسا ہی ہے جیسا کہ روح کا تعلق جسم سے کیونکہ بغیر روح
کے جسم کی زندگی ناممکن ہے۔ رشک سے احتراز کرنا چاہیے لیکن اُس رشک
کو اختیار کرنا چاہیے جسسے اصلاح ہو۔ زہد یقین سے حاصل ہوتا ہے اور یقین
صبر سے اور صبر فکر سے استغنا کو قناعت مین ڈہونڈہنا چاہیے کیونکہ محض مال
گو وہ کثیر المقدار کیون ہو غنا نہین پیدا کر سکتا دنیا مین سب قسم کی چیزین
مل سکتی ہین مگر عمر یا وقت نہین مل سکتا اسوجہہ سے اوسکی قدر کرنا چاہیئے
عالمونکی صحبت اور حکمت کی کتابونسی مسرت بخش زندگی حاصل ہو سکتی ہے
عالم اپنی جہل کو پہچان سکتا ہے اسلیئے کہ وہ اپنے کو جاہل سمجہتا ہے اور جو کوئی
اپنے کو جاہل سمجہیگا وہ ضرور کسی چیز کے دریافت کرنےمین کوشش کریگا اور جاہل
عالم نہین ہو سکتا کیونکہ وہ اپنے کو عالم سمجہتا ہے اور جو شخص اپنے کو عالم
سمجہیگا وہ کسی امر کے معلوم کرنیکی کوشش کیون کریگا اوس بقاء کو حاصل
کرو جو فنا نہین ہوتی ہے اور اوس حیات (زندگی) کو ڈہونڈو جسمین
تغیر نہین ہوتا ہے اور اوس ملک کو حاصل کرو جسمین اضمحلال نہین ہے

انسان کو اول اپنی ذات کی اصلاح کرنی چاہیئے تاکہ اور لوگ اوسکی پیروی کرنے لگین۔ جو کوئی حق پر ہوتا ہے وہ ہر ایک صدمہ سے محفوظ رہتا ہے جو کوئی مضبوطی کے ساتھہ اپنے مذہب پر قایم رہتا ہے اوس سے کوئی نہین لڑتا۔ زوال پذیر چیز پر فخر کرنا حماقت ہے غفلت سے ندامت ہوتی ہے صداقت (سچائی) کل مخلوقات کی خمیر ہے۔ جھوٹ ایک مرض لاعلاج ہے جس شخص مین جھوٹ ہوتا ہے وہ بہت کم نجات پاتا ہے متقدمین کیحالات سے عبرت حاصل کرنا اور گذشتہ حالات کو یاد رکھنا چاہیئے۔ لوگ ظالم اور جابر کی ذلت کے خواہان ہوتے ہین۔ بادشاہ سے منازعت (مخالفت) کرنیوالا موت سے پہلے مرتا ہے مسرف حالت فقر اور قانع حالت غنی مین رہتا ہے۔ تدبیر ملک (بادشاہ) کا فرض ہے کہ رعیت کو بطور غلام اور مال کے نہ سمجھے۔ غمازی (چغلخوری) دلونمین بغض کرتی ہے جاہل کی زبان موت کی کنجی ہے حاجت (ضرورت) حیلون کے دروازہ کو کھول دیتی ہے اے عزیز اگر تو تحصیل علم کی دقتون اور مشکلات کی برداشت نہین کر سکتا تو تجھہ کو جہل کی بدبختی کا متحمل ہونا چاہیئے زیادہ غذا کے کھانے سے قوت پیدا نہین ہوتی ہے بلکہ اوس غذا سے قوت پیدا ہوتی ہے جسکو بدن ہضم کر سکے۔ ادب سیکھنے کیلیئے تجربہ کافی اوستاد ہے زمانہ کا انقلاب نصیحت حاصل کرنیکے لئے ایک عمدہ سبق ہے۔ ارسطو سے پوچھا گیا کہ وہ کونسی چیز ہے جو فی نفسہ عمدہ ہے اور اوسکے اظہار کرنے سے ممانعت کیگئی ہے۔ اوس نے جواب دیا کہ اپنی عمدہ خصایل کی تعریف کرنا۔ ارسطو نے اپنے ایک

شاگرد کو ایک مسئلہ سمجھاکر اوس سے دریافت کیا کہ آیا تو نے اسکو سمجھا ہے
یا نہین اوسنے کہا ہان ۔ ارسطو نے کہا مجھکو تیرے قیافہ سے سمجھنے کی علامتین
محسوس نہین ہوتی ہین ۔ اوس نے پوچھا وہ کیا علامتین ہین ارسطو نے
جواب دیا مین تجھکو مسرور نہین پاتا ہون اور مسرت سمجھنے کی دلیل ہے ہر چند یہ
چیز عمدہ ہوتی ہے لیکن دوستی جسقدر پرانی ہوتی جاتی ہے ۔ اوسیقدر وہ عمدہ
بھی ہوتی ہے ۔ ہر ایک چیز کا ایک علحدہ خاصہ ہوا کرتا ہے عقل کا خاصہ اچھی
بات کو اختیار کرنا ہے شر کو شر ہی سے دفع کرتا اگرچہ اچھا ہے مگر شر کو خیر
سے دفع کرنا احسن ہے ۔ ارسطو نے سکندر کو جو نصیحتین
کی ہین وہ ذیل مین درج کی جاتی ہین وہ کہتا ہے کہ جب خدا تیری خواہش
کیموافق فتوحات عطا کرے تو تو اوسکی مخلوقات کے ساتھہ عفو جرایم
اختیار کر ۔ فخر مت کر کیونکہ فخر کرنیوالیکا انجام بخیر نہین دیکھا گیا ۔ اسیطرح
تند خو کو خوش حال سخی کو محسود شریر کو غنی اور ملول (افسردہ دل) کو آشنا پرست
بھی نہین دیکھا گیا ۔ ارسطو جب سکندر کو علوم متداولہ خصوصاً سیاست مدن
اور سیاست منزل پڑھا چکا تو اوسنے سکندر سے چند سایل پوچھے سکندر نے
نہایت حسن لیاقت سے اوسکے ہر ایک سوال کا جواب ادا کیا ۔ ارسطو
بجائے اسکے کہ سکندر کا دل بڑھانیکے لیے اور اوسکی تعریف کرتا اوسنے سکندر
کے مُنہہ پر تھپڑ مارے ۔ جو کہ بظاہر ارسطو کی یہہ حرکت بیہودہ معلوم ہوئی
تو لوگون نے اُس سے اوسکا سبب پوچھا ۔ ارسطو نے بیان کیا کہ یہہ
لڑکا بادشاہ ہوگا اور مخلوق خدا اوسکی حفاظت مین ہوگی اس فعل سے

میری غرض یہہ ہے کہ مین سکندر کو ظلم کا مزہ چکہا دون تاکہ وہ رعیت
کے ساتہہ رفق و ملاطفت کیا کرے وہ کہتا ہے کہ ذلیل آدمی خوف سے
مطیع ہوتے ہین اور حمیدہ خصال خوش اخلاقی سے اُن دونوںمین تمیز کرنا
چاہیئے ذلیل آدمیونکے ساتہہ سختی کا برتاو مناسب ہے اور شریفون کے
ساتہہ عطیات اور احسان سے پیش آنا چاہیئے - وہ کہتا ہے بادشاہونکو
تین چیزون سے شہرت حاصل ہوتی ہے اول رفاہ آمیز قوانین کا
وضع کرنا دوم فتح ممالک سوم ویران ممالک کا آباد کرنا ارسطو سے پوچہا گیا
کہ حرکت اقبال کی بطی (سست) اور حرکت ادبار کی سریع (تیز)
کیون ہے اوسنے جواب دیا کہ صاحب اقبال اوپر چڑہتا ہے اسلئے اوسکی حرکت
تیز نہین ہوتی اور بدبخت کی مثال ایسی ہے جیسے کہ ایک پتہر اوپر سے نیچے آتا ہے
اور اوسکی حرکت تیز ہوتی ہے حنین بن اسحق اپنی کتاب نوادر الفلاسفۃ الحکما
مین لکہتا ہے کہ ارسطو کی انگوٹہی کے نگینہ پر یہہ کندہ تہا کسی چیز کو نہ جانکر انکار کرنیوالا
اوس سے زیادہ عالم ہے جو اوسکو جانکر اقرار کرتا ہے - ارسطو نے مرتے وقت
یہہ بہی وصیت کی کہ اوسکی قبر پر ایک مثمن (ہشت پہلو) گنبد بنایا جائے اور
اوسکے ہر ایک پہلو پر ذیل کے آٹہہ جملوںمین سے ایک ایک جملہ لکہہ دیا جائے جسکا ترجمہ اور
جسکی صورت یہہ ہے -



ایک حکیم کہتا ہے کہ جس کو مقرب بنائے اوسکی شکایت سننے مین احتیاط چاہیے کیونکہ حاسدین کبھی خیرخواہ بنکر اور کبھی ناصح ہو کر غرضکہ مختلف طور پر نظر التفات کے پہیرنے کی کوشش کرتے ہین - ۲ چغلخور کے دفع کی تدبیر فوراً کرنی چاہیے - ۳ ارکان دولت سے ایسا برتاؤ چاہیے کہ موافقت کا اونکو یقین ہو جاوے کیونکہ اونکے اتفاق سے بہت بڑے بڑے مشکل کام آسانی سے انجام پاجاتے ہین - ۴ دشمن کی چرب زبانی و خوشامد سے فریفتہ نہونا چاہیے گو وہ کیسا ہی عاجزی وانکسار کرے ۵ - جب مقصود بدعا حاصل ہو جاوے تو اوسکی حفاظت و تعمیل مین کاہلی و سستی نہ کرنی چاہیے ایسا نہو کہ غفلت مین پہر تدارک نہو سکے اور پشیمانی کچھہ کام نہین آتی ہے - ۶ تعجیل سے نقصان ہوتا ہے پس سوچ سمجھکر کام شروع کرنا چاہیے - ۷ تدبیر مین کسیوقت کوتاہی نہ کرنی چاہیے اگر مصلحت ہو تو بے تامل دشمنون مین سے کسی دشمن کے بلا لینے کی فکر کیجاوے کیونکہ لوہا کو لوہا ہی توڑتا ہے - ۸ حاسدون کی شیرین زبانی پر کسیطرح اعتماد نکرنا چاہیے ۹ عفو ضروری ہے بصورت معذوری مجبوری ہے - ۱۰ - بجاے انتقام کے احسان کرنا چاہیے - ۱۱ - جو کام اپنی حالت اور حیثیت کے لائق نہو اوسکیطرف متوجہ ہونے سے اپنے کامون سے باز رہنا پڑتا ہے - ۱۲ - حلم و استقلال بہت ضروری ہین حلم سے رعب ہوتا ہے اور انسان سبکسار و بے اعتبار نہین ہوتا - ۱۳ - ملازم امین و معتمد ہونا چاہیے تاکہ انتظام مین خرابی واقع نہو - ۱۴ - زمانہ کے انقلاب اور مصیبت سے گھبرا کر بکدر نہ ہونا چاہیے کیونکہ عاقل

ہر زمانہ مین رنج و بلا مین مبتلا رہے ہین اور احمق اور غافل ہمیشہ بے فکری
مین زندگی بسر کرتے ہین۔ دنیا کی خوشی تھوڑی ہے اور خوشی کا ماتم زیادہ
۔ حاکم و عالم کے بد ہونے سے عالم بد ہو جاتا ہے وکذا تکلف بدمزاجی و بخل تمام
ہنرون کو غارت کر دیتے ہین۔ مذہبی مباحثہ و قرض دیکر مانگنے سے دشمنی ہوتی ہے و دوستی
جاتی رہتی ہے۔ پانچ قسم کے لوگون پر ہنسینگے اور اونکو جھوٹا سمجھینگے اگرچہ وہ سچے
ہون۔ جو کہے کہ بڑے بڑے معرکون مین لڑا ہون اور اوسکے بدن پر کوئی
زخم نہو اگرچہ وہ بہادر ہو۔ وہ کم تقریر جو کہے مین نے بڑی بڑی کتابین پڑہی
ہین اور علم و عقل سیکھا ہے لیکن سوال و جواب مین ڈرے۔ وہ زاہد جو
عبادت کا دعوی کرے اور موٹا ہو۔ وہ کمزور جو جوانی کے زور کا حال بڑہاپے
مین بیان کرے اگرچہ پہلوان ہو۔ جو تونگری کا حال مفلسی مین کہے اگرچہ وہ امیر رہا ہو

تو اول سوچ تو دل مین کہ تو ہے کون اور کیا ہے | نمازی ہے شرابی ہے اُچکا ہے لٹیرا ہے
تری کیا ذات ہے کیا نام ہے کیا کام کرتا ہے | مسافر بے وطن ہے یا ترا اسجا یہ ڈیرا ہے
جب ان چیزون سے جب اپنے تئین کچھ چیز ٹھہراوے | تو اوسکے بعد پھر کہیو یہ میرا ہے یہ تیرا ہے
یہ چیزین تو غرض کیا ہین تو اپنا ہی نہین مالک | سمجھ او بیخبر نادان یہ کس غفلت نے گھیرا ہے
تو کچے سوت کا دھاگا عبث بل پیچ کھاتا ہے | یہ سب وہم و غلط ہے اور قصور فہم تیرا ہے
تو کیا جانے کہ تجھکو کس نے کس چرخے مین کاتا ہے | تو کیا جانے کہ تجھکو کس اٹیرن مین اٹیرا ہے
تماشا ہے مزا ہے سیر ہے کیا کیا اہا ہا ہا | مصور نے عجب کچھ رنگ قدرت کا بکھیرا ہے

باب الثنائی۔ فمنہ ما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال خصلتان
باب ہے دو دو چیزوں کے بیان میں۔ سو اوس میں سے وہ ہے کہ روایت کیا گیا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
لا شئی افضل منہما الایمان باللہ والنفع للمسلمین وخصلتان لا شئی اخبث منہما الشرک
سے انہوں نے فرمایا دو خصلت ہیں کہ اونسے بہتر کوئی شے نہیں ایمان ساتھ اللہ کے اور نفع مسلمانوں کو
باللہ والضر بالمسلمین۔ وقال علیہ السلام علیکم بمجالسۃ العلماء واستماع کلام الحکماء
اور دو خصلت ہیں کہ اونسے بدتر کوئی شے نہیں شرک کرنا اللہ کے ساتھ اور دکھ دینا مسلمانوں کو۔ اور فرمایا حضرت رسول
فان اللہ تعالی یحیی القلب المیت بنور الحکمۃ کما یحیی الارض المیتۃ بماء المطر۔
علیہ السلام نے لازم پکڑو علما کے پاس بیٹھنا اور حکیموں کا کلام سننا کیونکہ اللہ تعالی جلاتا ہے دل مردہ کو ساتھ نور حکمت کے جیسا جلاتا ہے زمین مری ہوئی کو ساتھ مینہ کے
باب الثلاثی وعن ابی بکر الصدیق ثلث لا یدرک بثلث الغنی بالمنی
باب ہے تین تین چیز کے بیان میں اور روایت ہے حضرت ابوبکر صدیق سے تین چیزیں ہیں کہ تین چیز والے نہیں ہوتیں دولتمندی خواہش سے
والشباب بالخضاب والصحۃ بالادویۃ باب الرباعی وعن عبد اللہ بن مسعود
اور جوانی خضاب کرنے سے اور صحت دواؤں سے باب ہے چار چار چیز کے بیان میں۔ اور روایت ہے عبداللہ
رضی اللہ عنہ قال اربعۃ من ظلمۃ القلب بطن شبعان من غیر مبالاۃ وصحبۃ
بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا چار چیزیں ہیں اندھیری دل کی پیٹ بھرا ہوا بے پروائی سے اور صحبت ظالموں کی
الظالمین ونسیان الذنوب الماضیۃ وطول الامل واربعۃ من نور القلب بطن
اور بھولنا گناہوں پہلے کا اور امید دراز اور چار چیزیں ہیں روشنی دل کی
جائع من حذر وصحبۃ الصالحین وحفظ الذنوب الماضیۃ وقصر الامل۔
یعنی پیٹ بھوکا خوف سے اور صحبت نیکوں کی اور یاد رکھنا گناہوں پہلے کا اور امید کوتاہ۔
وعن علی رضی اللہ عنہ انہ قال اربعۃ اشیاء قلیلہا کثیر الوجع والفقر والنار

اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے کہ اُنھون نے فرمایا چار چیزین ہین تھوڑی بہت ہین درد اور فقیری اور آگ
والعداوة - وعن بعض الحکماء من اشتغل بالشهوات فلا بد له من النساء
اور دشمنی اور روایت ہے بعض حکیمون سے جو شخص شغل پکڑے خواہشون کا لو ضرور ہین اوسکو عورتین اور
ومن اشتغل بجمع المال فلا بد له من الحرام ومن اشتغل بمنافع المسلمین
جو شخص شغل پکڑے مال جمع کرنیکا لو ضرور ہے اوسکو حرام اور جو شخص شغل پکڑے بہلائی مسلمانون کا لو ضرور ہی
فلا بد له من المداراة ومن اشتغل بالعبادة فلا بد له من العلم وعن علی
اوسکو خاطرداری اور جو شخص شغل پکڑی عبادتکا لو ضرور ہی اوسکو علم اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے
رضی اللہ عنہ ان اصعب الاعمال اربع خصال العفو عند الغضب والجود
کہ سخت تر عمل چار خصلتین ہین معاف کرنا غصے مین اور بخشش کرنی تنگی مین اور پارسائی
فی العسرة والعفة فی الخلوة وقول الحق لمن یخافه او یرجوه وفی الزبور
تنہائی مین اور کلمہ حق کہنا جس کسے سے خوف ہو یا امید اور زبور مین کہ وحی بھیجی اللہ تعالے نے حضرت
اوحی اللہ تعالے الی داؤد علیه السلام ان العاقل الحکیم لا یخلو من
داؤد علیہ السلام کیطرف کہ عقلمند دانا خالی نہین
اربع ساعات ساعة فیها یناجی ربه وساعة فیها یحاسب نفسه وساعة
چار ساعتون سے ایک ساعت مین مناجات کرے اپنے رب سے اور ایک ساعت مین محاسبہ کرے اپنے نفس
یمشی فیها الی اخوانه الذین یخبرونه بعیوبه وساعة فیها یخلی بین نفسه
سے اور ایک ساعت مین جاوے اپنے ایسے بہائیونکے پاس کہ خبر دیوین اوسکے عیبونکی اور ایک
وبین لذاتها الحلال وقال بعض الحکماء جمیع العبادات من العبودیة
ساعت مین چھوڑے نفس کو ساتہ لذتون حلال کے اور کہا بعض حکیمون نے تمام عبادتین بندگی کا

اربعۃ الوفاءُ بالعہود والمحافظۃ بالحدود والصبر علی المفقود والرضیٰ

چار ہین پورا کرنا عہد کا اور نگاہ رکہنا حدود کا اور صبر کرنا گم ہوئی چیز پر اور راضی ہونا

بالموجود۔ **باب الخماسی**۔ روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من

موجود سے۔ باب ہے پانچ چیزونکے بیانمین۔ روایت ہے حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جسنے

اہان خمسۃ خسر خمسۃ من استخف بالعلما خسر الدین ومن استخف بالامراءِ خسر الدنیا ومن

حقارت کی پانچ کی ٹوٹا پایا اوسنے پانچ مین جسنے حقارت کی علما کی ٹوٹا پایا دین مین اور جسنے حقارت کی امرا کی ٹوٹا

استخف بالجیران خسر المنافع ومن استخف بالاقرباءِ خسر المودۃ ومن استخف

پایا دنیا مین اور جسنے حقارت کی ہمسایونکی ٹوٹا پایا فایدونمین اور جسنے حقارت کی اقربا سکے ٹوٹا پایا دوستی مین اور

باھلہٖ خسر طیب المعیشۃ وقال النبی علیہ السلام سیاتی زمان علی امتی یحبون

جسنے حقارت کی اپنی بیوی کی ٹوٹا پایا اچہی عیش مین اور فرمایا حضرت نبی علیہ السلام نے اویگا زمانہ میری

خمسًا وینسون خمسًا یحبون الدنیا وینسون العقبٰی ویحبون الدور وینسون

امت پر کہ دوست رکہنگے پانچ کو اور بہولینگے پانچ کو دوست رکہنگے دنیا کو اور بہولینگے آخرت کو دوست رکہنگے گہر ونکو

القبور یحبون المال وینسون الحساب ویحبون العیال وینسون الحور

اور بہولینگے قبرونکو دوست رکہنگے مال اور بہولینگے حساب کو دوست رکہنگے عیال کو اور بہولینگے حور کو دوست رکہنگے نفس کو اور بہولینگے اللہ کو وہ مجہسے بیزار ہین

ویحبون النفس وینسون اللہ ھم منی براءُ وانا منہم بریٌ وقال النبی

مجہسے بیزار ہین اور مینی اونسے بیزار ہون اور کہا حضرت نبی علیہ السلام نے نہین دیتا اللہ کسی کو پانچ چیزین

علیہ السلام لا یعطی اللہ لاحد خمسا الا وقد اعد لہ خمسا اخر لا یعطیہ الشکر

مگر طیار کر دیتا ہے اوسکے لئے پانچ چیزین نہین دیتا توفیق شکر کی مگر طیار کرتا ہے اوسکے لیے زیادتی اور

الا وقد اعد لہ الزیادۃ ولا یعطیہ الدعاءَ الا وقد اعد لہ الاستجابۃ ولا یعطیہ

نہین دیتا توفیق دعا کی مگر تیار کرتا ہے اوسکے لئے قبولیت اور نہین دیتا توفیق استغفار کی مگر تیار کرتا ہے

الاستغفار الا وقد اعدلہ الغفران ولا یعطیہ التوبۃ الا وقد اعدلہ القبول

اوسکے لئے بخشش اور نہین دیتا ہے توفیق توبہ کی مگر تیار کرتا ہے اوسکے لئے قبول اور نہین دیتا ہے

ولا یعطیہ الصدقۃ الا وقد اعدلہ التقبل — وعن ابی بکرن الصدیق

توفیق صدقہ کی مگر تیار کرتا ہے اوسکے لئے قبول ہونا — روایت ہے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

رضی اللہ عنہ الظلمات خمس والسرج خمس حب الدنیا ظلمۃ والسراج لہ التقوے

سے اندہیرے پانچ ہین اور چراغ اونکے پانچ ہین محبت دنیا کی اندہیرا ہے اور چراغ اوسکا پرہیزگاری

والذنب ظلمۃ والسراج لہ التوبۃ والقبر ظلمۃ والسراج لہا لا الہ الا

ہے اور گناہ اندہیرا ہے اور چراغ اوسکا توبہ ہے اور قبر اندہیرا ہے اور چراغ اوسکا کلمہ

اللہ محمد رسول اللہ والآخرۃ ظلمۃ والسراج لہا العمل الصالح والصراط

لا الہ اللہ محمد رسول اللہ ہے اور آخرت اندہیرا ہے اور چراغ اوسکا عمل نیک ہے اور پل صراط

ظلمۃ والسراج لہ الیقین — وعن عمر رضی اللہ عنہ انہ قال موقوفا علیہ

اندہیرا ہے اور چراغ اوسکا یقین ہے — اور روایت ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہہ روایت

او مرفوعا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم لولا ادعاء الغیب لشہدت

اوس سے ہے یا پہنچی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم تک کہ کہا ہے جو نہو دعوے غیب کا گواہی دیتا

علی خمس نفر انہم اہل الجنۃ الفقیر صاحب العیال والمرأۃ الراضی

ہین پانچ آدمیونپر کہ وہ بہشتی ہین فقیر کنبے والا اور وہ عورت کہ راضی ہے اوس سے خاوند

علیہا زوجہا والمتصدقۃ بمہرھا علی زوجہا والراضی عنہ الوالدان والتائب

اوسکا اور بخشنے والی اپنی مہر کی اپنے خاوند کو اور جس سے راضی ہون مان باپ اوسکے اور توبہ

من الذنب - وعن عبداللہ بن عمر بن العاص رضی اللہ عنہا خمس من
کرنیوالا گناہ سے اور روایت ہے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہا سے پانچ چیزیں جس شخص میں
کن فیہ سعد فی الدنیا والآخرۃ اولہا ان یذکر لا الہ الا اللہ محمد رسول
ہونگی نیک بخت ہوگا دنیا و آخرت میں پہلے کہ ذکر کرے کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ہر ہر وقت
اللہ وقتا بعد وقت واذا ابتلی ببلیۃ قال انا للہ وانا الیہ راجعون ولا
اور جب مبتلا ہو کسی بلا میں کہے انا للہ وانا الیہ راجعون ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم اور جب
حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم واذا اعطی نعمۃ قال الحمد للہ رب
نعمت دیجاوے کہے الحمد للہ رب العالمین شکر النعمۃ اور جب شروع کرے کچھ کام کہے
العالمین شکر النعمۃ واذا ابتداء فی شئ قال بسم اللہ الرحمن الرحیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم اور جب ظاہر ہو اُس
واذا افرط منہ ذنبا قال استغفر اللہ العظیم واتوب علیہ - وعن النبی
سے گناہ کہے استغفر اللہ العظیم - روایت ہے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم اغتنم خمسا قبل خمس شبابک قبل ھرمک وصحتک قبل
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے غنیمت جان پانچ چیز کو پہلے پانچ کے جوانی اپنی کو پہلے بڑھاپے کے اور تندرستی
سقمک وغناک قبل فقرک وحیاتک قبل موتک وفراغک قبل شغلک - وقال
کو پہلے بیماری کے اور تونگری کو پہلے فقر کے اور زندگی کو پہلے موت کے اور فراغت کو پہلے مشغولی کے
عمر رضی اللہ عنہ رأیت جمیع الاخلاء فلم ار خلیلا افضل من حفظ اللسان ور
اور کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دیکھا میں نے سب دوستوں کو سو نہ دیکھا میں نے کوئی دوست اچھا نگاہ
أیت جمیع اللباس فلم ار لباسا افضل من الورع ورأیت جمیع المال

رکہنے زبانسے اور دیکہا مین نے سب لباسونکو سوندیکہا مین نے کوئی لباس اچہا پرہیزگاری سے اور دیکہا مین نے سب مال
کو سوندیکہا مین نے کوئی مال اچہا

فلم ار مالا افضل من القناعة ورأيت جميع البر فلم ار برا افضل من النصيحة

قناعت سے اور دیکہا مین نے تمام نیکیونکو سوندیکہی مین نے کوئی نیکی اچہی نصیحت سے اور دیکہا مین نے

ورايت جميع الاطعمة فلم ارطعاما الذمن الصبر- باب السداسی -قال النبی

سب کہانونکو سوندیکہا مین نے کوئی کہانا لذیذ تر صبر سے - باب ہے چہہ چہہ چیزونکے بیانمین - فرمایا

صلى الله عليه وسلم ستة اشياء هن غريبة فى ستة مواضع المسجد غريب فيما بين قوم

حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم چہہ چیزین ہین کہ وہ غریب ہین چہہ جگہہ مین مسجد غریب ہے اوس قوم مین

لا يصلون فيه والمصحف غريب فى منزل قوم لا يقرءون فيه والقران

کہ نماز پڑہین اوسمین اور قرآن غریب ہے اوس گہر مین کہ نپڑہین اوسمین اور قرآن غریب

غريب فى جوف الفاسق والمراءة المسلمة الصالحة غريبة فى يد رجل

ہے بیٹ مین فاسق کے اور عورت مسلمان نیک غریب ہے مرد ظالم

ظالم سیٔ الخلق والرجل المسلم الصالح غريب فى يد امراءة رديه سيئة

بدخلق کے ہاتہہ مین اور مرد مسلمان نیک غریب ہے عورت بری بدخلق کے ہاتہہ

الخلق والعالم غريب بين قوم لا يسمعون اليه ثم قال النبى عليه السلام ان الله

مین اور عالم غریب ہے اوس قوم مین کہ نہین سنتے اوسکا کلام پہر حضرت نبی صلی علیہ وسلم

تعالے لا ينظر اليهم يوم القيمة نظر الرحمة وقال النبى صلى الله عليه

نے یہہ فرمایا کہ اللہ تعالے نہین دیکہیگا اونکیطرف دن قیامت کے نظر رحمت سے اور فرمایا حضرت

وسلم ستة لعنتهم ولعنهم الله تعالے وكل نبى مجاب الدعوات الزائد

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چہہ شخص ہین کہ لعنت کی ہین مین نے اور لعنت کی اللہ تعالے نے اور تمام

فی کتاب اللہ تعالے والمکذب بقدر اللہ تعالے والمسلط بالجبروت
امنیا کی دعا مقبول ہے بڑہانیوالا اللہ تعالی کی کتاب میں اور جھٹلانیوالا تقدیر اللہ کو اور زبردستی
لیعز من اذلہ اللہ تعالے ویذل من اعزہ اللہ والمستحل لحرام اللہ
حاصل کرنیوالا زبردستی سے کہ عزت دے اللہ تعالی کی ذلیل کئے ہوئے کو اور ذلت دے اللہ کے عزت دیئے
تعالے والمستحل من عترتی ما حرم اللہ وتارک لسنتی فان اللہ تعالے
ہوئے کو اور حلال ٹھہراوے اللہ کے حرام کو اور حلال ٹھراوے میری اولاد سے جو بات کہ حرام کی اللہ نے اور چھوڑنے
لا ینظر الیہم یوم القیمۃ نظر الرحمۃ — وقال علی رض النعم ستۃ اشیاء
والا میرے طریقہ کا بے شک اللہ نہیں دیکھیگا انکے طرف دن قیامت کے نظر رحمت سے — اور علی رض نے فرمایا ہے کہ نعمتیں چھ چیزیں
الاسلام والقران ومحمد رسول اللہ والعافیۃ والستر والغنی عن
ہیں اسلام اور قرآن اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور تندرستی اور پوشش اور بے پروائی
الناس وعن یحیی بن معاذ الرازی رحمۃ اللہ العلم دلیل العمل
آدمیوں سے — اور روایت ہے یحی بن معاذ رازی رحمۃ اللہ سے علم ہے دلیل عمل کی اور
والفہم وعاء العلم والعقل قائد الخیر والہوی مرکب الذنوب
فہم باسن ہے علم کا اور عقل کھینچنے والی ہے نیکی کی طرف اور خواہش سواری ہے گناہوں کی اور مال
والمال رداء المتکبرین والدنیا سوق الاخرۃ وقال ابو ذرجمہر ست
چادر ہے متکبرین کی اور دنیا بازار ہے آخرت کا اور کہا بزرجمہر نے چھ خصلتیں برابر ہیں تمام
خصال تعدل جمیع الدنیا الطعام المری والولد الصالح والزوجۃ
دنیا کی کہانا ہضم ہونیوالا اور لڑکا نیک بخت اور بیوی موافق اور کلام مضبوط اور
الموافقۃ والکلام المحکم وکمال العقل وصحۃ البدن — وعن بعض

بوری عقل اور تندرستی بدنکی۔ اور روایت ہے

العلماء انہ قال من لم یخش اللہ لم ینج من زلۃ اللسان ومن لم یخش قدومہ

بعض حکیم سے کہ اونسے کہا جو شخص نہین ڈرا اللہ سے نجات نہین پائی اوسنے لغزش زبانسے اور جو شخص

علی اللہ لم ینج قلبہ من الحرام والشبہ ومن لم یکن آیسًا عن الخلق لم ینج

نہین ڈرا اللہ کے پاس جانے سے نجات نہین پائی اوسکے دل نے حرام اور شبہہ سے اور جو شخص ناامید

من الطمع ومن لم یکن حافظا علی عملہ لم ینج من الریاء ومن لم یستعن

ہوا خلق سے نجات نہین پائی اوسنے طمع سے اور جو شخص ہوا نگاہبان اپنے عمل پر نجات نہ پائی اوسنے ریا سے اور جس

باللہ علی احتراس قلبہ لم ینج من الحسد ومن لم ینظر الی من ہو افضل

شخص نے مدد نہ مانگی اللہ سے نگاہبانی دل پر نجات نہ پائی اوسنے حسد سے اور جس شخص نے نہ دیکھا اوس شخص کیطرف

منہ علما وعملا لم ینج من العجب۔ وقال یحیی بن معاذ رحمۃ اللہ من اعظم

کہ وہ افضل ہے اوس سے علم و عمل مین نجات نہ پائی اوسنے خود پسندی سے اور کہا ہے یحیی بن معاذ نے رحمۃ اللہ

الاغترار عندی التمادی فی الذنوب علی رجاء العفو من غیر ندامۃ و

بڑے فریب سے ہے نزدیک میرے دیر تک کھینچی گناہوکین باُمید بخشش کے بدون ندامت کے اور

توقع القرب من اللہ تعالی بغیر طاعۃ وانتظار زرع الجنۃ ببذر النار

امیدواری قربت اللہ تعالے کی بدون بندگی کے اور انتظاری کھیتی جنت کی ساتھ بیج دوزخ کے اور

وطلب دار المطیعین بالمعاصی وانتظار الجزاء بغیر عمل والتمنی علی اللہ

ڈھونڈھنا مکان فرمان بردارونکا ساتھ گناہونکے اور انتظار بدلے کا بدون عمل کے اور

عزوجل مع الافراط۔ باب السباعی۔ وقال ابوبکر ن الصدیق

آرزو اللہ عزوجل سے زیادتی کے ساتھ۔ باب ہے سات سات چیزونکے بیانمین۔ اورکہا حضرت ابوبکر صدیق

رضی اللہ عنہ البخیل لایخلو من احدی السبع اما ان یموت فیرثہ من ینفق
رضی اللہ عنہ نے بخیل بچتا نہیں ہے ایک چیز سے سات مین سے یا تو مرجاتا ہی سو وارث اوسکا ہوتا ہے
مالہ و ینفقہ لغیر ما امر اللہ تعالے او یسلط اللہ علیہ سلطانا جائرا فیاخذہ
وہ شخص کہ خرچ کرے اوسکا مال اور صرف کرے غیر حکم اللہ تعالے کے مین یا غالب کر دیتا ہے اللہ اوپر
منہ بعد تذلیل نفسہ او یہیج لہ شھوۃ یفسد علیہ مالہ او یبدو لہ
کسی بادشاہ ظالم کو سو لیتا ہی وہ مال اوس سے ذلت اوسکو دیکر یا پیدا کر دیتا ہے اوسمین شہوت کہ خراب
رای فی بناء او عمارۃ فی ارض خراب فیذھب فیہ مالہ او یصیب
کرے وہ اوسمین مال اپنا یا پیدا ہوتی ہے اوسکو عقل مکان بنانے کی زمین ویران مین پھر جاتا رہے اوسمین مال اوسکا
لہ نکبۃ من نکبات الدنیا من غرق او حرق او سرقۃ و ما اشبہ ذالک
یا پہنچے اوسکو مصیبت دنیا کی مصیبتون سے ڈوبنے سے یا جلنے سے یا چور لیلے اور جو مانند انکے ہے یا پہنچے اوسکو
او یصیبہ علۃ دائمۃ فلینفق مالہ فی ہدا او اتہا او یدفنہ فی موضع من المواضع
بیماری ہمیشہ کی پھر خرچ کرے مال اپنا اوسکے علاج مین یا گاڑدے اوسکو کسی جگہ مین سے مکانون
فینساہ فلا یجدہ۔ قال عمر رضی اللہ عنہ من کثر ضحکہ قلت ھیبتہ و من استخف
مین سے پھر بھولے اوسکو پھر نہ پاوے۔ کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جس شخص کا ہنسنا بہت ہوا کم ہوئی ہیبت اوسکی
بالناس استخف بہ و من اکثر فی شیء عرف بہ و من کثر کلامہ کثر سقطہ و
اور جس شخص نے خفیف کیا آدمیون کو خفیف کیا گیا وہ اور جس شخص نے کثرت کی کسی چیز کی پہچانا گیا
من کثر سقطہ قل حیاؤہ و من قل حیاؤہ قل ورعہ و من قل ورعہ
اوس سے اور جس شخص کے بہت کلام ہوے بہت ہوئی بیہودگی اوسکی اور جسکی بیہودگی بہت ہوئی کم ہوئی حیا اوسکی کم ہوئی پرہیزگاری
مات قلبہ۔ و قال علی رضی اللہ عنہ البہتان علی البرایا اثقل

اوسکی اور جس شخص کی پرہیزگاری کم ہوئی مرا دل اوسکا - اور فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بہتان کرنا لوگو نپر بھاری زیادہ ہے

من السماء والحق اوسع من الارض وقلب القانع اغنیٰ من

آسمان سے اور حق فراخ زیادہ ہے زمین سے اور دل قناعت کرنیوالیکا تونگر زیادہ ہے دریا سے اور دل

البحر وقلب المنافق اشد من الحجر والسلطان الجائر احر من

منافق کا سخت زیادہ ہے پتھر سے اور بادشاہ ظالم گرم زیادہ ہے آگ سے اور حاجت طرف بخیل کے ٹھنڈی

النار والحاجة الى اللئيم ابرد من الزمهرير والصبر امرّ من السم

زیادہ ہے زمہریر سے اور صبر کڑوا زیادہ ہے زہر سے

باب الثانی

قال ابو بکرؓ الصدیق رضی اللہ عنہ ثمانية اشياء هن زينة

کہا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے آٹھ چیزیں زینت ہیں اٹھ چیزوں کی پرہیزگاری زینت ہے

اشياء العفاف زينة الفقر والشكر زينة النعمة والصبر زينة البلاء

فقیری کی اور شکر زینت ہے نعمت کی اور صبر زینت ہے مصیبت کی اور تواضع زینت ہے عادت کی

والتواضع زينة الحسب والحلم زينة العلم والتذلل زينة المتعلم

اور حلم زینت ہے علم کی اور عاجزی زینت ہے سیکھنے والیکی اور کثرت رونیکی زینت ہے خوف

وكثرة البكاء زينة الخوف وترك المنة زينة الاحسان والخشوع

کی اور احسان نرکہنا زینت ہے احسان کی اور نیاز کرنا زینت ہے

زينة الصلوٰة - وقال عمر رضی اللہ عنہ من ترک فضول الكلام

نماز کی اور کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جس شخص نے چھوڑی زیادتی کلام کی

منح الحكمة ومن ترک فضول النظر منح خشوع القلب ومن

دیا گیا حکمت اور جس شخص نے چھوڑے زیادتی نظر کی دیا گیا عاجزی دل کی اور جس شخص نے چھوڑی زیادتی

ترک فضول الطعام منح لذة العبادة ومن ترک فضول

کہانیکی دیا گیا لذت عبادت کی اور جس شخص نے چھوڑی زیادتی ہنسی کی دیا گیا ہیبت اور جس شخص نے چھوڑی

الضحک منح الہیبة ومن ترک المزاح منح البہاء ومن ترک

دل لگی دیا گیا روشنی اور جس شخص نے چھوڑی محبت دنیا کی دیا گیا محبت آخرت کی اور جس

حب الدنیا منح حب الاٰخرة ومن ترک الاشتغال بعیوب

شخص نے چھوڑا شغل غیر کے عیبونکا دیا گیا اصلاح اپنے عیبونکی اور جس شخص نے

غیره منح الاصلاح بعیوب نفسه ومن ترک التجسس فی کیفیة

چھوڑا جستجو کو کیفیت صفات اللہ تعالے مین دیا گیا بیزاری نفاق

اللہ تعالے منح البراءة من النفاق وعن علی رضی اللہ عنہ لا

سے اور روایت ہے علی رضی اللہ عنہ سے نہین بہتری اوس نماز مین کہ نہین عاجزی

خیر فی صلوة لا خشوع فیہا ولا خیر فی صوم لا امتناع فیہ عن اللغو

اوسمین اور نہین بہتری اوس روزہ مین کہ نہین رکنا اوس مین لغو سے اور نہین بہتری

ولا خیر فی قراءة لا تدبر فیہا ولا خیر فی علم لا ورع فیہ ولا خیر فی

اوس قراءت مین کہ نہین فکر اوسمین اور نہین بہتری اوس علم مین کہ نہین پرہیزگاری اوسمین

مال لا سخاوة فیہ ولا خیر فی اخوة لا حفظ فیہا ولا خیر فی نعمة لا

اور نہین بہتری اوس مال مین کہ نہین سخاوت اوسمین اور نہین بہتری اوس برادری مین کہ نہین حفاظت اوسمین

بقاء لہا ولا خیر فی دعاء لا اخلاص فیہ باب التساعی

اور نہین بہتری اوس نعمت مین کہ نہین بقا اوسکو اور نہین بہتری اوس دعا مین کہ نہین اخلاص اوسمین باب لوگو چیزونکا

وقال عمر رضی اللہ عنہ ان ذریة الشیطان تسعة زلیتون وثین د

اور فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بے شک اولاد شیطان کی نو قسم ہے زلیتون اور وثین اور لقوس
لقوس و اعوان و هفاف و مرة و المسوط و داسم و ولهان فاما
اور اعوان اور ہفاف اور مرہ اور مسوط اور داسم اور ولہان لیکن زلیتون سو وہ بازار دن
زليتون فهو صاحب الاسواق فنيصب فيها رائيته واما وثين فهو صاحب
والا ہے کھڑا کرتا ہے اوسمین جھنڈا اپنا ولیکن وثین سو وہ مصیبتوں الا ہے لیکن اعوان سو وہ والا
المصيبات واما اعوان فهو صاحب السلطان واما هفاف فهو
بادشاہ کا ہے اور لیکن ہفاف سو وہ شراب والا ہے
صاحب الشراب واما مرة فهو صاحب المزامير واما لقوس
اور لیکن مرہ سو وہ مزامیر والا ہے اور لیکن لقوس سو وہ
فهو صاحب المجوس واما المسوط فهو صاحب الاخبار يلقيها في افواه
یار مجوس کا ہے اور لیکن مسوط سو وہ اخبار والا ہے کہ ڈالتا ہے
الناس ولا يجدون لها اصلاً واما الداسم فهو صاحب البيوت اذا
آدمیوں کے مونہوں میں اور نہیں پاتے ہیں اونکی اصل اور لیکن داسم
دخل الرجل المنزل ولم يسلم ولم يذكر اسم الله تعالے اوقع فيما
سو وہ گھروں والا ہے جو وقت داخل ہوا مرد گھر میں اور سلام نکیا اور
بينهم المنازعة حتى يقع الطلاق والخلع والضرب واما ولهان
یاد نکیا نام خدا تعالے کا ڈالتا ہے او نمیں جھگڑا یہانتک کہ واقع ہوتی ہے طلاق
فهو يوسوس في الوضوء والصلوة والعبادات ۔ وعن عثمان رضي
اور خلع اور مارنا اور لیکن ولہان سو وہ وسوسہ ڈالتا ہے وضو اور نماز اور عبادتوں میں ۔ اور روایت ہے

اللہ عنہ انہ قال علامات العارفین ثمانیۃ اشیاء قلبہٗ مع الخوف
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہ اُنھون نے کہا علامتین عارفونکی آٹھہ چیزین ہین دل اوسکا ساتھہ خوف
والرجاء ولسانہ مع الحمد والثناء وعیناہ مع الحیاء واکارادتہٗ مع
اور امید کے ہے اور زبان اوسکی ساتھہ تعریف اور ثنا کے ہے اور دونون آنکھین اوسکی
الترک والرضاء یعنی ترک الدنیا وطلب رضا مولاہ۔
ساتھہ حیا اور ۔۔ و نیکے ہین اور ارادہ اوسکا ساتھہ چھوڑنے اور رضاکے یعنی چھوڑنا دنیا کا اور چاہنا رضامندی مولا اپنے کی

## باب العشاری

وقال ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ
باب ہے دس دس چیزونکے بیان مین ۔ اور کہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے
مامن عبد رزقہ اللہ عشر خصال الا وقد نجا من الاٰفات والعاھات
نہین کوئی بندہ کہ دی اوسکو اللہ نے دس خصلتین مگر تحقیق نجات پائی اوسنے آفتون اور
کلہا وصار فی درجۃ المقربین ونال درجۃ المتقین اولہا صدق
مصیبتون تمام سے اور ہوا درجے مین مقربین کے اور پہنچا درجہ متقین کو پہلے سچ بولنا ہمیشہ
دائم معہ قلب قانع والثانی صبر کامل معہ شکر دائم والثالث
اوسکے ساتھہ دل قانع ہو اور دوسری صبر کامل اوسکے ساتھہ شکر ہمیشہ ہو اور تیسرے
فقر دائم معہ زھد حاضر والرابع فکر دائم معہ بطن جائع والخامس
فقیری ہمیشہ ہو اوسکے ساتھہ زہد حاضر ہو اور چوتھے فکر ہمیشہ اوسکے ساتھہ پیٹ بھوکا ہو اور
حزن دائم معہ خوف متصل والسادس جھد دائم معہ بدن متواضع
پانچوین غم ہمیشہ اوسکے ساتھہ خوف ملا ہوا ہو اور چھٹوین کوشش ہمیشہ اوسکے ساتھہ بدن
والسابع رفق دائم معہ رحم حاضر والثامن حب دائم مع حیاء

تواضع کرنیوالا ہو اور ساتوین نرمی ہمیشہ اوسکے ساتھہ مہربانی حاضر ہو اور آٹھوین محبت ہمیشہ ساتھہ اوسکے

والتاسع علم نافع معه حلم دائم والعاشر ایمان دائم معه عقل ثابت

اور نوین علم نفع دینے والا اوسکے ساتھہ بردباری ہمیشہ ہو اور دسوین ایمان ہمیشہ اوسکے ساتھہ عقل ثابت ہو

وقال عثمان رضی الله عنه اضیع الاشیاء عشرة عالم لایسئل عنه وعلم لا

اور کہا حضرت عثمان رضی الله عنہ نے بڑی ضایع ہونیوالی دس چیزین ہین عالم کہ نہ پوچھا جاے

یعمل به ورأی صواب لایقبل وسلاح لایستعمل ومسجد لایصلی فیه

اوس سے اور علم کہ نہ عمل کیا جاے ساتھہ اوسکے اور تدبیر نیک کہ نہ قبول کیجاے اور ہتیار کہ نہ استعمال

ومصحف لایقرأ عنه ومال لاینفق منه وخیل لایرکب وعلم الزهد

کیا جاے اور مسجد کہ نہ نماز پڑہی جاوے اوسمین اور قرآن کہ نہ پڑہا جاوے اوس سے اور مال کہ نہ خرچ

فی بطن من یرید الدنیا وعمر طویل لایتزود فیه لسفره وقال

کیا جاے اوس سے اور گہوڑا کہ نہ سواری کیا جاے اور علم درویش کا پیٹ مین اوس شخص کے

علی رضی الله عنه العلم خیر میراث والادب خیر حرفة والتقوی

کہ چاہے دنیا کو اور عمر بڑی کہ نہ سامان کرے اوسمین واسطے سفر کے اور کہا حضرت علی رضی الله

خیر الزاد والعبادة خیر بضاعة والعمل الصالح خیر قائد وحسن الخلق

عنہ نے علم اچھی میراث ہے اور ادب اچھا پیشہ ہے اور تقوی اچھا توشہ ہے اور عبادت اچھی

خیر قرین والحلم خیر وزیر والقناعة خیر غنی والتوفیق خیر عون

پونجی ہے اور عمل نیک اچھا کہینچ والا ہے اور نیک خلق اچھا ساتھی ہے اور بردباری اچھا وزیر ہے

والموت خیر مؤدب وقیل جمع بعض الملوک خمسة من العلماء

اور قناعت اچھی تونگری ہے اور توفیق اچھی مدد ہے اور موت اچھی ادب دینوالی ہے اور کہا گیا

والحکماء فامرهم ان یتکلم کل واحد منهم بحکمة فتکلم کل واحد منهم بحکمتین

اکہٹا کیا بعضے بادشاہ نے پانچ شخص کو عالموں اور حکیموں سے سو حکم کیا اونکو کہ ہر ایک اونکا حکمت

فصارت عشرة فقال الاول خوف الخالق امن وامنه کفر وامن

کی بات تب بولا ہر ایک اونکا دو حکمتیں پھر ہوگئیں دس سو کہا پہلے نے خوف کرنا خدا سے امن ہے اور

المخلوق عتق وخوفه رق وقال الثانی الرجاء من الله تعالی غنی

امن رہنا اوس سے کفر ہے اور امن رکہنا مخلوق سے آزاد ہونا ہے اور خوف اوسکا کرنا غلام ہونا ہے

لایضره فقر والیاس عنه فقر لاینفع معه غنی وقال الثالث لا یضر

اور کہا دوسرے نے امیدواری الله تعالے سے تونگری ہے کہ نہیں ضرر کرتی اوسکو فقیری اور نا امیدی

مع غنی القلب فقر الکیس ولاینفع مع فقر القلب غنی الکیس وقال الرابع لایزداد

اوس سے فقیری ہے کہ نہیں نفع دیتی اوسکے ساتہہ تونگری اور کہا تیسرے نے نہیں ضرر دیتا ساتہہ تونگری

غنی القلب مع الجود الا غنی ولا یزداد فقر القلب مع غنی

دلکی خالی ہوتا ہے کیسہ کا اور نہیں نفع دیتی ساتہہ فقیری دلکے تونگری کیسے کی اور کہا چوتہے نے نہیں بڑہتی

الکیس الا فقرا وقال الخامس اخذ القلیل من الخیر خیر من ترک

ہے تونگری دلکی ساتہہ بخشش کے مگر تونگری میں اور نہیں بڑہتی ہے فقیری دلکی ساتہہ پر ہونے

الکثیر من الشر وترک الجمیع من الشر خیر من اخذ القلیل من

کیسے کی مگر فقیری میں اور کہا پانچوین نے لینا تہوڑا خیر سے بہتر ہے چہوڑنے بہت شر سے اور چہوڑنے

الخیر قال النبی صلی الله علیه وسلم عشرة نفر لن یقبل الله تعالی

تمام برائی کی بہتر ہے لینے تہوڑے خیر سے ۔ فرمایا حضرت نبی صلی الله علیہ وسلم نے دس شخص ہیں کہ قبول نہیں کرتا

صلاتهم رجل صلی وحید البغیر قراءة ورجل لایؤدی الزکوٰة

اللہ تعالے اونکی نماز جو مرد کہ نماز پڑہے اکیلا بدون قرارت کے اور جو مرد کہ ندے زکوۃ
ورجل یوم قوما وھم لہ کارھون ورجل مملوک آبق ورجل
اور جو مرد کہ امام ہو قوم کا اور وہ اوس سے ناخوش ہون اور جو مرد کہ غلام بہاگا ہوا ہے اور جو مرد
شارب الخمر مدمن وامرأۃ باتت وزوجہا ساخط علیہا وامرأۃ حرۃ
کہ شراب پینے والا ہمیشہ ہے اور جس عورت نے کہ رات گذاری اور خاوند اوسکا غصے رہا اوپر اوسکے اور جو عورت
تصلی بغیر خمار واکل الربوا والامام الجائر ورجل لاتنہاہ صلاتہ
آزاد نماز پڑہے بدون اوڑہنی کے اور کہانے والا بیاج کا اور بادشاہ ظالم اور وہ مرد کہ روکا
عن الفحشاء والمنکر لایزداد من اللہ تعالے الا بعدا۔ وعن
ہنو اوسکو نماز نے بیحیائی اور برائی سے زیادہ نہین ہوتا اللہ کی طرف سے مگر دور ہونا۔ اور روایت ہے
بعض الحکماء طلبت عشرۃ فی عشرۃ مواطن فوجدتہا فی عشرۃ اخری
بعض حکیم سے طلب کیا مینے دس چیز کو دس جگہہ مین سو پایا مین نے اونکو اور دس مین طلب کیا مینے
طلبت الرفعۃ فی التکبر فوجدتہا فی التواضع وطلبت العبادۃ فی الصلوۃ
بلندی کو تکبر مین سو پایا مین نے اوسکو تواضع مین اور طلب کیا مین نے عبادت کو نماز مین سو پایا مینے
فوجدتہا فی الورع وطلبت الراحۃ فی الحرص فوجدتہا فی الزھد
اوسکو پرہیزگاری مین اور طلب کیا مین نے ارام کو حرص مین سو پایا مین نے اوسکو زہد مین اور
وطلبت نور القلب فی صلوۃ النہار جہرا فوجدتہ فی صلوۃ اللیل سرا و
طلب کیا مین نے نور دلکا دن کی نماز مین ظاہر مین سو پایا مین نے اوسکو رات کی نماز مین چہپ کر
طلبت نور القیمۃ فی الجود والسخاوۃ فوجدتہ فی العطش فی الصوم
اور طلب کیا مین نے نور قیامت کا بخشش اور سخاوت مین سو پایا مین نے اوسکو پیاس روزے مین

وطلبتُ الجواز علی الصراط فی اضحیۃِ فوجدتہا فی الصدقۃِ وطلبتُ النجاۃ

اور طلب کیا مینے گذرنا پل صراط پر سے قربانی مین سو پایا مینے اوسکو صدقے مین اور طلب کی مینے

من النارِ فی المباحات فوجدتہا فی ترک الشہواتِ وطلبت حبّ اللہ

نجات اگ سے مباح چیزون مین سو پایا مینے اوسکو خواہشون کے چھوڑنے مین اور طلب کی مینے

تعالیٰ فی الدنیا فوجدتہا فی ذکر اللہِ تعالیٰ وطلبتُ العافیۃ فی المجامع

محبت اللہ تعالیٰ کی دنیا مین سو پایا مینے اللہ تعالیٰ کی یاد مین اور طلب کیا مینے آرام جماعت مین

فوجدتہا فی العزلۃِ وطلبت نور القلب فی المواعظِ وقراءۃ القرآنِ

سو پایا مینے اوسکو تنہائی مین اور طلب کیا مینے نور دل کا نصیحتون مین اور قرآن پڑھنے مین سو پایا

فوجدتہا فی التفکر والبکاءِ —

مینے اوسکو فکر کرنے مین اور رونے مین —

یہہ چند چند سطر منقولہ انتخابات اقوال حکمار وعلمار وعقلا واخبار وآثار ہین جنکو مین نے اپنے ذوق کے موافق انتخاب کیا تھا بہت بڑا حصہ انکا شامل کتاب کے ہوگیا ہے اسیقدر باقی رہ گیا تھا — جو نصیحتین مثل نصیحت لقمان وغیرہ کے مختلف حکیمون کے نام سے مشہور ہین اونکی حقیقت یہہ ہے کہ مختلف زمانے کے تجربے جمع ہوگئے ہین اور جنکے نام سے مشہور ہین اونکے اقوال نہین ہین اسوقت جبکہ مین چند وجوہ سے باستعجال تمام اپنی کتاب کے چھاپنے کی کوشش اور وقت کے نہ ملنے سے جو نقص اوس کتاب مین پڑ رہا ہے گوارا کر رہا تھا ان اوراق کے کاتب نے بھی مسودہ چاہا مین نے مناسب وخلاف اپنے اصول واخلاق کے سمجھہ کر بغیر کسی ترتیب کے اور بلا لحاظ اس امر کے کہ ترتیب اور

میرا دیکھہ لینا بہت زیادہ مناسب ومفید اور خود میری طمانیت کا سبب ہوا
مسودہ جات کو اوسکے حوالہ کردیا پس یہہ وہی مسودے ہین جو اسطرح منتطبع
ہوئے اور اسکی کاپیون کو نہ مین نے دیکھا اور نہ بنایا — ❋